www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | پیر 16 مارچ 2026ء بمطابق 26 رمضان 1447ھ | شمارہ 232 | قیمت 10 روپے

ایران کی [illegible]
کو ڈھونڈ کر قتل
کرنے کی دھمکی

آبنائے ہرمز امریکا اور اسکے اتحادیوں کے علاوہ سب کیلئے کھلی ہے

فوجی اڈے اور اسرائیل میں اہداف تباہ کر دیے گئے ہیں، سعودی عرب پر ڈرون حملوں میں ہمارا کوئی ہاتھ نہیں، ہم نے سعودیہ پر ڈرون حملے نہیں کیے

امریکیوں کو مشرقِ وسطی سے نکلنے کی فوری ہدایت کر دی گئی، اسرائیل انٹرسیپٹر میزائل کی کمی کا شکار، برطانیہ مدد بھیجنے کے لیے تیار ہو گیا، پاسداران انقلاب

15 روز میں امریکا اور اسرائیل کے حملوں کے نتیجے میں ایران میں 1444 افراد شہید ہوئے، اسرائیلی حملوں سے لبنان میں 826 افراد شہید ہوئے

تہران، واشنگٹن، ریاض (ویب ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے آپریشن وعدہ صادق کے تحت حملوں کی نئی لہر کا آغاز کر دیا، امریکی تنصیبات اور اسرائیل کو نشانہ بنایا، ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے تیل لینے والے ممالک خود سکیورٹی یقینی بنائیں، امریکیوں کو مشرق وسطی سے نکلنے کی فوری ہدایت کر دی گئی، اسرائیل انٹرسیپٹر میزائل کی کمی کا شکار، برطانیہ مدد بھیجنے کے لیے تیار ہو گیا۔ پاسداران انقلاب نے یہ دعوی بھی کیا ہے کہ اس کے حملوں کی 52 ویں لہر کے دوران خطے میں تین امریکی فوجی اڈے اور اسرائیل میں اہداف تباہ کر دیے گئے ہیں، سعودی عرب پر ڈرون حملوں میں ہمارا کوئی ہاتھ نہیں، ہم نے سعودیہ پر ڈرون حملے نہیں کیے۔ ادھر عرب میڈیا کے مطابق 15 روز میں امریکا اور اسرائیل کے حملوں کے نتیجے میں ایران میں 1444 افراد شہید ہوئے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وزیراعظم کی خلیجی ممالک کو وافر مقدار میں اشیا خورد و نوش برآمد کرنے کی ہدایت

وزیرِاعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر ملک میں غذائی صورتحال اور وافر اشیاء کی برآمدت پر جائزہ اجلاس میں ملکی غذائی ضروریات کیلئے اشیا خورونوش کی طلب و رسد کی مکمل نگرانی کا حکم دیا گیا

عالمی سپلائی چینز متاثر ہونے سے خطے میں پاکستانی مصنوعات کی برآمد کی استعداد میں اضافہ ہوا ہے، موجودہ صورتحال میں خلیجی ممالک کو درکار اشیا خورونوش کی فراہمی اور ان کے غذائی تحفظ کا خیال رکھا جائے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم نے خطے کی بدلتی صورتحال کے پیش نظر ملکی غذائی ضروریات کیلئے اشیا خورونوش کی طلب و رسد کی مکمل نگرانی کی ہدایت کر دی۔ وزیرِاعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت خطے کی بدلتی صورتحال کے پیش نظر ملک میں غذائی صورتحال اور وافر اشیا کی برآمدت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک میں موجود اشیا خورونوش کے موجودہ ذخائر اور پیداوار پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں متعلقہ حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں اشیا خورونوش کا وافر ذخیرہ موجود ہے اور کسی بھی چیز کی قلت نہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ عالمی سپلائی چینز متاثر ہونے سے خطے میں پاکستانی مصنوعات کی برآمد کی استعداد میں اضافہ ہوا ہے، موجودہ صورتحال میں خلیجی ممالک کو درکار اشیا خورونوش کی فراہمی اور انکے غذائی تحفظ کا خیال رکھا جائے۔ وزیرِاعظم نے ہدایت دی ہے کہ پاکستانی غذائی ضروریات کو متاثر کئے بغیر وافر مقدار میں موجود اشیا خورونوش کی خلیجی ممالک میں برآمد کیلئے جامع لائحہ عمل تشکیل دیا جائے۔ برادر خلیجی ممالک میں اشیا خورونوش کی برآمد کرتے وقت اعلی معیار یقینی بنایا جائے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ پی این ایس سی بحری راستے کے ذریعے برادر خلیجی ممالک میں اشیا خورونوش برآمد کرنے کیلئے ضروری اقدامات کرے۔ اجلاس کو بتایا گیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

دین اسلام تمام نوع انسانی کیلئے امن و آشتی کا پیغام ہے، وزیراعظم

اسلامی تعلیمات کے عین مطابق اور بین الاقوامی قوانین کی نظر میں تمام انسان مساوی حقوق رکھتے ہیں

پاکستان اسلاموفوبیا پر مبنی تمام طرز عمل اس کی تمام صورتوں کی مذمت کرتا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کا اسلاموفوبیا کے تدارک کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہنا تھا کہ آج اسلاموفوبیا کے تدارک کا عالمی دن، دین اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تعصب کی مذمت میں عالمی آواز ہے، اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی اسلاموفوبیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

رمضان المبارک کے دوران حیدرآباد کے لطیف آباد مارکیٹ میں عید کی خریداری زور و شور سے جاری

صدر مملکت سے محسن نقوی، خالد مقبول کی ملاقات

ملاقات میں ملک میں امن، استحکام اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا گیا

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا

پاکستان پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم پاکستان میں ورکنگ ریلیشن شپ جاری رکھنے اور مزید ملاقاتوں پر اتفاق کیا گیا

ملاقات میں قومی یکجہتی، سیاسی ہم آہنگی اور جمہوری عمل کے تسلسل کی اہمیت پر بھی بات چیت کی گئی، ذرائع پی پی پی

کراچی (ویب ڈیسک) مجموعی داخلی سلامتی کی صورتحال اور امن و امان سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے ملاقات کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی داخلی سلامتی کی صورتحال اور امن و امان سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور اس کے پاکستان پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا اور ملک میں امن، استحکام اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں قومی یکجہتی، سیاسی ہم آہنگی اور جمہوری عمل کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

اسلام کو انتہا پسندی سے جوڑنا لاعلمی کی عکاسی ہے، صدر مملکت

دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف نفرت اور تعصب کے خاتمے کی ضرورت ہے، آصف زرداری

عالمی برادری تعصب کے خاتمے اور مکالمے کے فروغ کے لیے مل کر کام کرے، عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ اسلام امن، ہمدردی اور انصاف کا دین ہے لہٰذا اسلام کو انتہا پسندی سے جوڑنا لاعلمی کی عکاسی ہے۔ اسلاموفوبیا کے تدارک کے عالمی دن کے موقع پر پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ دنیا بھر میں مسلمانوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

صدر آصف زرداری سے محسن نقوی اور خالد مقبول صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

اسلاموفوبیا قابل مذمت، مسلم ممالک کو اتحاد کی علامت بننا چاہیے، مریم نواز

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا قابل مذمت ہے، مسلم ممالک کو اتحاد کی علامت بننا چاہیے۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

کراچی: قیوم آباد کے علاقے میں روزہ داروں کو افطار کروائی جا رہی ہے

اسلاموفوبیا صرف مسلمانوں نہیں بلکہ انسانی اقدار پر حملہ ہے، بلاول بھٹو

کراچی (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مسلمانوں کے خلاف نفرت، تعصب اور امتیازی سلوک کے خاتمے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

بھارت افغان سرزمین کے ذریعے دہشت گردی بند کرے، دفتر خارجہ

شرمناک ریکارڈ کے ساتھ بھارت کو اس طرح کے بیانات کا کوئی حق نہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) دفتر خارجہ نے خبردار کیا ہے کہ افغانستان کے اندر دہشتگردوں کے ٹھکانوں کیخلاف اہداف جائز ہیں، بھارت افغان سرزمین سے پاکستان کیخلاف دہشتگردی کرنے سے باز آ جائے۔ دفتر خارجہ کے مطابق افغان سرزمین سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کر رہے ہیں، بھارتی وزارت خارجہ کا بیان مضحکہ خیز اور منافقانہ ہے، دہشت گردوں کی بھارت کی جانب سے سرپرستی اور معاونت سب پر عیاں ہے۔ دفتر خارجہ کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

دریائے سندھ کے کنارے نہاتے ہوئے 4 بچے ڈوب کر جاں بحق

گاؤں سبز علی چھٹو کے قریب کاروکوہ بیلو میں پنھور برادری کے 6 بچے شدید گرمی سے تنگ آ کر قریبی دریائے سندھ میں نہانے گئے تھے

وزیراعلی سندھ 4 بچوں کے ڈوب کر جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار، واقعہ انتہائی افسوس ناک ہے، وزیراعلی نے رپورٹ طلب کر لی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) کوٹری کے قریب ایک ہی خاندان کے 6 بچے نہاتے ہوئے ڈوب گئے دو کو بچالیا گیا چار کی لاشیں نکال لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹری کے قریب یونین کونسل صوف شورو میں گاؤں سبز علی چھٹو کے قریب کاروکوہ بیلو میں پنھور برادری کے 6 بچے شدید گرمی سے تنگ آ کر قریبی دریائے سندھ میں نہانے چلے گئے تھے تاہم گہرے میں پانی میں جانے سے بچے ڈوب گئے تاہم مقامی افراد نے دو بچوں کو بچالیا جبکہ ایک بچہ اور تین بچیاں ڈوب کر جاں بحق ہو گئیں جن کی لاشیں نکال لی گئیں جبیں ڈوبنے والے بچے آپس میں رشتہ دار بتائے جاتے ہیں اور ان کی عمریں 5 سے 8 سال بتائی جاتی ہیں جاں بحق بچوں کی شناخت اعجاز، ساجدہ، کشمیراں اور قربان علی کے نام سے ہوئی ہے جبکہ دو بچوں عذرا اور پرویزاں کو بچالیا گیا ہے بچوں کی لاشیں گاؤں پہنچنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

سراج الحق کی مولانا سے ملاقات، خطے کی صورتحال اور مہنگائی پر تشویش کا اظہار

ملاقات میں ملک میں بڑھتی مہنگائی اور عوام کی حالت زار پر بھی عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا

پشاور (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں ملکی اور بین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے خطے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔ ملک میں بڑھتی مہنگائی اور عوام کی حالت زار پر بھی عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات کے دوران امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

خلیجی ممالک سے مسلسل رابطے، کسی رہائشی علاقے کو نشانہ نہیں بنایا، عراقچی

خطے میں بعض اہداف پر حملوں کے پیچھے امریکی ساختہ ڈرون لوکاس ہو سکتا ہے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ قطر، سعودی عرب، عمان اور دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ سفارتی رابطے مسلسل جاری ہیں۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران ہر اس اقدام کا خیر مقدم کرے گا جو جنگ کے مکمل خاتمے کا باعث بنے، ایران نے خطے میں کسی بھی ملک کے شہری یا رہائشی علاقوں کو نشانہ نہیں بنایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطے میں بعض اہداف پر حملوں کے پیچھے امریکی ساختہ ڈرون لوکاس ہو سکتا ہے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

نائن الیون جیسا واقعہ کر کے ایران پر الزام لگانے کی سازش کی جا رہی ہے، علی لاریجانی

ایران بنیادی طور پر ایسے دہشت گرد منصوبوں کا مخالف ہے، ایران کی جنگ امریکی عوام کیساتھ نہیں

ایران اس وقت امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کر رہا ہے، علی لاریجانی

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری علی لاریجانی کا کہنا ہے کہ سنا ہے ایپسٹین ٹیم کی باقیات نے نائن الیون جیسا واقعہ کرنے اور الزام ایران پر لگانے کی سازش تیار کی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں علی لاریجانی نے کہا کہ ایران بنیادی طور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

کوہاٹ: سی ٹی ڈی اور پولیس کا خفیہ اطلاع پر آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

سی ٹی ڈی اور کوہاٹ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ تھانہ لاچی کے مختلف علاقوں میں دہشت گرد موجود ہیں اور کسی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں

آپریشن کے دوران دہشت گردوں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی جس پر پولیس اور سی ٹی ڈی اہلکاروں نے جوابی کارروائی کی، ڈی پی او کوہاٹ

کوہاٹ (ویب ڈیسک) سی ٹی ڈی اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف بڑا آپریشن کیا، اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ ڈی پی او کوہاٹ شہباز الہی کے مطابق سی ٹی ڈی اور کوہاٹ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ تھانہ لاچی کے مختلف علاقوں میں دہشتگرد موجود ہیں اور کسی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اطلاع ملنے پر سی ٹی ڈی اور پولیس کی بھاری نفری نے مشترکہ سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن شروع کیا۔ آپریشن کے دوران دہشتگردوں نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی جس پر پولیس اور سی ٹی ڈی اہلکاروں نے جوابی کارروائی کی، فائرنگ کے تبادلے میں 6 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ حکام کے مطابق قبضے سے اسلحہ برآمد کر لیا گیا، علاقے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

رمضان المبارک کے دوران حیدرآباد میں افطاری کے لئے جلیبی تیار کی جا رہی ہے

گورنر ہاؤس میں ہر چیز کا آڈٹ ہوگا، نہال ہاشمی

نواز شریف پاکستان کے لیے جیل جا سکتے ہیں لیکن ملک کو نقصان نہیں پہنچا سکتے، سوشل میڈیا ویڈیو بنا کر فنکار نہیں بنائیں، میں سیاسی کارکن ہوں، گورنر سندھ

نواز شریف نے طلبہ کے لیے جو اقدامات کیے وہ یہاں بھی نظر آئیں گے، ہم اگر کہیں کہ 6 ماہ کا کورس ہے تو 6 ماہ میں ڈگری ملے گی، پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ نہال ہاشمی کا کہنا ہے کہ میں زکا فنکار نہیں سیاسی کارکن ہوں اور نواز شریف کا نمائندہ ہوں، گورنر ہاؤس میں ہر چیز کا آڈٹ ہوگا۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی پریس کانفرنس کرتے ہوئے نہال ہاشمی نے وزیراعظم یوتھ پروگرام سندھ لانے کا اعلان کیا اور کہا کہ نواز شریف نے طلبہ کے لیے جو اقدامات کیے وہ یہاں بھی نظر آئیں گے، ہم اگر کہیں کہ 6 ماہ کا کورس ہے تو 6 ماہ میں ڈگری ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں میں بیٹھا ہوں یہ ہمارے رہبروں اور کارکنان کی قربانیوں کا نتیجہ ہے، یہ ہماری ذمہ داری ہے، ہم ہر شخص کی نمائندگی کرتے ہیں، صوبے اور کراچی پر منفی بات نہیں کیجیے گا۔ گورنر سندھ نے یہ بھی کہا کہ نواز شریف پاکستان کے لیے جیل جا سکتے ہیں لیکن ملک کو نقصان نہیں پہنچا سکتے، میں یہاں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وفاقی حکومت نے عید الفطر کی تعطیلات کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے عید الفطر کی تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ کابینہ ڈویژن نے وزیراعظم کی منظوری سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 20 اور 21 مارچ (بروز جمعہ اور ہفتہ) عید ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ اسلاموفوبیا کی مذمت کے لیے متحد ہو، وزیر خارجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے عالمی کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

لاہور میں امریکی قونصل خانے کی طرف جانے والے راستوں سے کنٹینرز ہٹائے جا رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد —— مینیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، بینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
Fax 021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پٹرولیم مصنوعات مہنگی نہ کرنے کا حکومتی فیصلہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مزید اضافے کے باوجود عوام سے کیے گئے وعدے کے مطابق اس مرتبہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا ہے کہ عام آدمی پر بوجھ کم کرنے کے لیے قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ وعدے کے مطابق جتنا ممکن ہوا، ان مشکل حالات میں عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم کے مطابق خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی معیشت اس وقت دباو کا شکار ہے اور اس کے پاکستان کی معیشت پر بھی گہرے اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ تاہم بروقت پالیسی سازی، حکومتی بچت کے اقدامات اور مالی نظم وضبط کے ذریعے اس صورتحال سے بہتر انداز میں نمٹنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان مشکل حالات میں غریب آدمی پر بوجھ کم کرنے کے لیے اس ملک کی اشرافیہ اور خود حکومت سے ابتدا کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے آغاز کے ساتھ ہی پٹرولیم مصنوعات کی قلت کا خطرہ منڈلانے لگا تھا، تاہم حکومت کی جانب سے فوری اور مناسب اقدامات کے باعث یہ خطرہ ٹل گیا۔ محض دو دن کے اندر پاکستان میں پٹرولیم کے چار جہاز لنگر انداز ہو چکے تھے اور اس کے بعد سے ضرورت کے مطابق ترسیل جاری ہے۔ آبنائے ہرمز تو بند ہے، پاکستان نے بحیرہ احمر کے ذریعے سپلائی کو یقینی بنالیا۔ اسی دوران حکومت کی جانب سے اچانک پٹرولیم کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ کر دیا گیا۔ ابھی پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کو چند ہی روز گزرے تھے اور پندرہ روزہ نظرِ ثانی میں ایک ہفتہ باقی تھا کہ اچانک شب خون مارتے ہوئے فی لیٹر 55 روپے اضافہ کردیا گیا۔ یہ اضافہ محض اس خبر پر کیا گیا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ اگر واقعی بڑھی ہوئی قیمتوں پر خریداری کی جاتی تو اس کے مطابق نرخ مقرر کیے جاسکتے تھے، مگر حکومت کے پاس پہلے سے خریدا گیا پٹرولیم کا ذخیرہ موجود تھا جس کے بارے میں بتایا گیا تھا کہ وہ آئندہ 28 دن تک ملکی ضروریات کے لیے کافی ہے۔ پہلے سے خریدے گئے پٹرول پر فی لیٹر 55 روپے کا اضافہ کر دینا ایسی قوم کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی منڈی میں آج بھی پٹرولیم کی قیمتیں اس سطح تک نہیں پہنچیں جس کے مطابق حکومت نے فوری طور پر اتنا بڑا اضافہ کر دیا تھا۔ عوام کے لیے تو یہی اضافہ ناقابلِ برداشت ہے، جبکہ دوسری جانب حکومت یہ کہہ کر احسان جتا رہی ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے کے باوجود پاکستان میں مزید اضافہ نہیں کیا گیا۔ حکومت کے بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات مناسب اطمینان بخش اور بروقت ہیں۔ مگر دوسری طرف پٹرولیم نرخوں میں بھاری اضافہ کر کے عام آدمی کی قوتِ خرید کو شدید زک پہنچائی جا رہی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں جتنا اچانک اضافہ ہوا تھا، محض دو روز بعد اس میں نمایاں کمی بھی آگئی۔ عوام بجا طور پر سوال کرتے ہیں کہ اس کمی کا ریلیف انہیں کیوں نہیں دیا گیا۔

ٹرمپ کاریاں اور ایران

دلاور چوہدری

جن دنوں ایک نوآموز وزیراعلیٰ پنجاب کے تخت پر براجمان تھے ان دنوں سوشل میڈیا پر اکثر ایسی پوسٹیں دیکھنے کو ملتی تھیں کہ ایک بڑے کرکٹر کا آن لائن آرڈر دیا گیا تھا لیکن ڈیلیوری پلس کہلانے والے کی ہوگئی ہے اور اب آرڈر دینے والا سردیوں اور گرمیوں دونوں کی شاموں میں یوں حواس باختہ پھر رہا ہے جیسے عشق میں ناکامی پر اداسی ہر دیوار پر بال کھولے پوری طرح جاگتی دکھائی دیتی ہے۔

بالکل یہی حال لبرل ڈیموکریسی کے قصیدہ خوانوں کا ہوا ہے۔ وہ جمہوریت کو دال کی دیگ سمجھ بیٹھے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ جس طرح گھوٹے کی کرامات سے دال انتہائی لذیذ ہو جایا کرتی ہے اسی طرح جمہوریت پتلی ہونے لگے تو اس میں مزید جمہوریت ملا دینے سے نشہ اور تاثیر پھر سے بڑھ جاتے ہیں۔

لبرل ڈیموکریسی کے متوالوں نے جمہوریت پر مزید جمہوریت انڈیل کر شخصی آزادیوں اور عالمی انسانی حقوق کی ہانڈی سے ڈھکن اٹھایا تو ڈونلڈ ٹرمپ نیتن یاہو کا ہاتھ پکڑے برآمد ہو گئے ہیں اور نریندر مودی بھی ان دونوں کا دامن تھامنے میں مصروف دکھائی دے رہا ہے اور یہ تینوں ملکر گھوٹے والی جمہوریت کو تیسری عالمی جنگ کی طرف دھکیلنے میں لگے ہیں تاکہ معیشت کے میدان میں وہ خود نہ کھیل سکیں تو کسی ترقی کرتی معیشت کو بھی نہ کھیلنے دیں۔

قصور لبرل ڈیموکریسی کے متوالوں کا ہی ہے انہیں کیوں خیال نہ رہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ ریسلنگ مقابلوں (ڈبلیو ڈبلیو ایف اب ڈبلیو ڈبلیو ای) میں بھی کئی بار آتے جاتے دکھائی دیتے رہے ہیں اس لئے انہیں جمہوری اقدار کے تحفظ سے زیادہ مدمقابل کو دھوکہ دینے میں لطف آتا ہے۔

جس طرح کوئی ریسلر مار کھاتے کھاتے اچانک پینترا بدل کر حریف پر زوردار حملے کرنے لگتا ہے اسی طرح ڈونلڈ ٹرمپ بھی امن کے گیت گاتے سینے سے نوبل پرائز کی تصویر لگائے ایک دم سے کوئی خطرناک فیصلہ کرکے دنیا کے امن کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں بلکہ دنیا کو انتہائی خوفناک مقام بنا دیتے ہیں۔

ٹیرف کے میدان میں اپنی ہی عدالت کے ہاتھوں کلین بولڈ ہونے اور ایپسٹن فائلز سے انتہائی نیک نامی کمانے کے بعد وہ نیتن یاہو کی ڈگڈگی پر ناچنے اور دنیا کی توجہ اپنے اچھے کاموں سے ہٹانے میں خود کو زیادہ محفوظ محسوس کررہے ہیں۔

ٹرمپ کیسے سوچتے ہیں؟ کیسے فیصلے کرتے ہیں؟ اور کس مزاج کے انسان ہیں اس کا کچھ اندازہ ان کے پہلے دور کے قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن کی کتاب The Room where it happened کے کچھ اقتباسات سے لگایا جاسکتا ہے۔ جان بولٹن لکھتے ہیں کہ ٹرمپ دنیا کے بنیادی حقائق سے بھی آگاہ نہیں اور جذباتی فیصلے کرنے کے ماہر ہیں، ان کے زیادہ تر فیصلے قوم کی بجائے ذاتی مفادات کو مدنظر رکھ کر کیئے گئے ہوتے ہیں۔ بولٹن مزید لکھتے ہیں کہ ہفتے میں دو بار ہونے والی سکیورٹی میٹنگز میں ٹرمپ کا رویہ عجیب ہوتا تھا وہ بریفنگ دینے والوں سے زیادہ خود بولنا پسند کرتے تھے اور ان کی زیادہ تر باتوں کا موضوعات سے دور دور کا واسطہ بھی نہیں ہوتا تھا۔

سلطنت امریکہ کے شہنشاہ ٹرمپ اول، غیض و غضب کا شکار ہوکر ہمیں دیوار میں چنوا دینے کا حکم صادر نہ فرما دیں تو عرض ہے کہ انہوں نے ریسلنگ سے سیکھا سب سے بڑا دھوکہ مذاکرات کے دوران اچانک حملے کرکے دنیا کو نہیں بلکہ اپنے عوام کو دیا ہے۔

امریکی عوام کو مومن کی زمین میں "یاد سب ذرا ذرا ہوگا ہی کہ شہنشاہ معظم، الیکشن مہم کے دوران امن کے سب سے بڑے داعی بن کر ابھرے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ امریکی عوام اگر امن چاہتے ہیں تو بلا چوں و چراں انہیں ووٹ دیں۔ وہ برسراقتدار آکر ٹیکس کا پیسہ مہم جوئیوں پر لگانے کی بجائے امریکیوں کی فلاح و بہبود پر لگائیں گے اور امریکی جنگوں کو اس طرح بھول جائیں گے جیسے گدھے کا سر سینگوں کو بھول چکا ہے۔

ٹرمپ اور ان کے حواریوں نے بہرحال ایک مہربانی ساری دنیا پر بھی کردی ہے اور وہ یہ کہ پہلے دنیا اور دنیا والے سمجھ نہیں پارہے تھے کہ امریکہ عظیم جمہوریت ہے یا سلطنتِ ہلاکو کا کوئی کھوپڑی مینار تسلسل ہے کیونکہ صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں کا کھیل جاری تھا لیکن ٹرمپ پر اپنے بیمار کرپشن ساتھی نیتن یاہو کو مزید اقتدار کی آکسیجن دینے اور اپنی سیاسی ساکھ بچانے کا خیال ایسا حاوی ہوا کہ وہ سب کچھ لپٹی کھول کھال سامنے لے آئے ہیں لیکن جیسا کہ سب نے سن رکھا ہے اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں ویسا ہی ہوا ہے اور اس کرتب سے شہنشاہ معظم ٹرمپ کی مقبولیت 75 فیصد والے آسمان سے گرکر 25 فیصد والی کھجور میں جا اٹکی ہے۔

کچھ برس بیتے سی این این کے صحافی فرید ذکریا نے ایک کتاب Future of Freedom کے نام سے لکھی تھی جس میں وہ یہ سوال لیکر بہت پریشان نظر آتے تھے کہ امریکہ تو جمہوری ملک ہے لیکن اس کے تعلقات زیادہ تر آمروں اور آمریتوں سے ہیں امید ہے ان کو بھی ان کے اس سوال کا جواب بخوبی مل گیا ہوگا۔

ایران پر امریکہ اور اسرائیل کا حملہ کب تک جاری رہتا ہے فی الحال یہ بتانا تو مشکل ہے لیکن اتنا ضرور معلوم پڑتا ہے کہ امریکہ نے ایران کے بارے میں کچھ غلط اندازے لگا لئے تھے۔

جب امریکی بحری بیڑے ہولناک میزائلوں اور بڑے بڑے بموں کے ساتھ ایران کی طرف بڑھ رہے تھے، لگتا ہے اس وقت ڈرونز کی اہمیت کو کافی حد تک نظرانداز کردیا گیا۔ اب صورتحال یہ ہے کہ ڈرون مولا طاقتور میزائل شہبازوں سے ایسا لڑ رہا ہے کہ ساری دنیا کی معیشت کو نہ صرف ہلا کر رکھ دیا ہے بلکہ فکر فردا میں بھی بری طرح مبتلا کر دیا ہے۔

امریکہ اور اسرائیل نے ایران میں نظام اور حکومت کی تبدیلی کیلئے جو کوششیں کی ہیں گمان ہے ان پر بھی زیادہ ٹھوس غور و فکر نہیں کیا گیا۔ ٹرمپ کو معلوم ہونا چاہئے تھا کہ ایران اسلامی انقلاب سے قبل شاہوں کے زیر اثر رہا ہے اور اس کے بعد انقلاب نے اپنا وسیع ترین انفرااسٹرکچر قائم کر دیا۔ اس ماحول میں کسی اپوزیشن جماعت کیلئے کوئی گنجائش ہی نہیں کہ وہ ایرانی عوام کو حکومت کی تبدیلی کی طرف لے جا سکے دوسرے ایرانی عوام کے پاس ہزاروں برس کی تاریخ ہے۔ وہ سینکڑوں برس سپر طاقت رہے ہیں سائرس نے ہی اڑھائی ہزار سال قبل یہودیوں کو بابلی بادشاہوں کے چنگل سے رہائی دلائی تھی پھر بھلا وہ اس مشکل وقت میں ایک سیسہ پلائی دیوار بن کر حالات کے جبر کا مقابلہ کرنے کی بجائے اپنا مستقبل کسی ایرے غیرے نتھو خیرے یا غلام عباس کے افسانے بہروپیے سے مشابہت رکھنے والے کسی کردار کے حوالے اتنی آسانی سے کیسے کرسکتے ہیں۔

جنگ طوالت کی طرف گئی تو دنیا کے حالات انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں 21 ویں صدی کے میدان جنگ میں ڈرونز کی آمد لڑائی کی طوالت کا باعث ہوسکتی ہے۔

ایک رپورٹ کے مطابق امریکہ کو اس جنگ پر روزانہ 891 ملین ڈالر خرچ کرنا پڑ رہے ہیں جو یقیناً معاشی اعتبار سے ایک بڑا عدد ہے اور اس پر آئے روز مہنگی ہوتی توانائی بھی چار چاند لگا رہی ہے۔

ایران کب تک میدان جنگ میں ٹھہرے گا کے قصے چھیڑنے والے اب یہ باتیں بھی کرنے لگے ہیں کہ توانائی کی مہنگائی سمیت کم و بیش ایک ارب ڈالر روزانہ کے نقصان پر امریکی عوام کتنی دیر چپ کا روزہ رکھ پاتے ہیں۔

ہر چیز بلا سوچے سمجھے اپنی پلیٹ میں سجا لینے کے عادی شہنشاہ معظم ڈونلڈ ٹرمپ اول شاید ابن انشا کی یہ تحریر پڑھ بیٹھے ہیں اور اب انہیں ہر منافع بخش شے پر قابض ہونے کے سوا کچھ نہیں سوجھ رہا۔

ابن انشا کی تحریر آپ بھی پڑھیے۔

محلے کے ایک ڈاکٹر صاحب نے اپنے مطب کے دو حصے کر دیئے ہیں۔ ایک میں وہ خود بیٹھتے ہیں اور دوسرے میں ان کا بیٹا کفن اور کافور بیچتا ہے، ڈاکٹر صاحب کے ہاتھ اللہ نے ڈگری نہیں دی لیکن وہ بھی انہوں نے بذریعہ ڈاک حاصل کر ہی لی۔ لیکن برکت ضرور دی ہے کیونکہ مجمع ہم نے مطب کے دونوں حصوں میں کثیر دیکھا ہے

نوٹ:... اس تحریر میں ٹرمپ اگر ڈاکٹر ہیں تو بیٹا نیتن یاہو کو قرار دیا جاسکتا ہے۔

ڈرون سازشیں، ڈاکٹروں کا اپنی مدد آپ کا جذبہ

بیدار سرمدی

آج پاکستانی ڈاکٹروں کے اپنے ہم وطنوں کے لئے مالی ایثار کے ایک بڑے جذبے کے عملی مظاہرے کی تفصیلات کا تذکرہ کرنا ہے لیکن اس سے پہلے چند سطریں وطن عزیز کی تازہ صورت حال کے بارے میں۔ امریکہ اور اسرائیل کی طرف سے اپنے ملک اور قوم کو خطرے میں دیکھا تو ایران کی بڑی اپوزیشن پارٹی اور عام حالات میں حکومت کی ہر سطح پر کٹر مخالف یعنی تودہ پارٹی کی طرف سے اعلان ہوا کہ باہر کے دشمنوں کے خلاف ہم ایک قوم ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان بھی اس وقت ہر طرف سے دشمنوں میں گھرا ہے۔ اسلام آباد تک افغانی ڈرونز کی پہنچ محض کابل کی اپنی ہمت نہیں جس کی احسان فراموشی کا جواب سختی کے ساتھ دیا جاچکا ہے۔ کابل کی اس کارروائی میں بھارت شامل ہے جو اب افغانوں کے ذریعے پراکسی وار کا ہتھیار استعمال کرنے لگا ہے۔ ایسے میں اپوزیشن کو ایران کی تودہ پارٹی کی طرح سب کچھ بھلا کر دفاع وطن کے لئے حکومت کے ساتھ کھڑا ہونے کا اعلان کرنا چاہئے۔ حکومت بھی اس موقع پر سب کچھ بھلا کر اپوزیشن کے لئے مثبت اعلانات کے لئے راہ ہموار کرے۔ یہ "ضد میری مجبوری" کا وقت نہیں۔ دشمن پاکستانی معاشرے میں بے چینی کو بڑھانے اور وقت کو مناسب دیکھ کر وار کرنے کی تاک میں ہے۔ مودی ایک سے زیادہ بار کہہ چکا ہے کہ آپریشن سیندور ابھی ختم نہیں ہوا اور امریکی صدر نے تو سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے اب کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ کی آگ گویا ان کے اپنے وجود کے اندر لگی ہے، مودی پہلے ہی کہہ چکا ہے کہ پاکستان سے بدلہ لینے کی آگ اس کے اندر مسلسل سلگ رہی ہے۔ ایسے حالات میں قومی سطح پر آپس میں کھینچا تانی دشمنوں کے لئے فضا ہموار کرنے کے مترادف ہے۔ اب پاکستانی قوم کے جذبہ ایثار کا ایک حوالہ۔ معاشرے کی اٹھان کے لئے عدلیہ اور پیداواری شعبوں کی صحت مندانہ سرگرمیوں کے ساتھ سب سے اہم تعلیم اور صحت کا شعبہ ہے اور صحت مند قوموں میں ہی تحقیقی سطح پر ہر شعبے میں بہترین نتائج کی ضامن ہوتی ہیں۔ حکومتیں تو ہر دور میں ان شعبوں خاص طور پر صحت کے لے بجٹ مختص کرتی ہیں۔ مختلف ترقیاتی کام بھی ہوتے ہیں۔ جیسے پنجاب میں صحت مند پنجاب کے نعرے کے ساتھ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے کلینک آن ویلز بے شمار ہسپتالوں کی رینوویشن، ضرورت کی نئی سے نئی طبی مشینری کی فراہمی اور بچوں کے دل کے مفت اپریشن سمیت مختلف منصوبے روبہ عمل ہیں۔ لیکن یہ سب سرکار کی طرف سے ہو رہا ہے اور سرکار کے فنڈز اب بھی ضرورت کی ساری ضرورتیں پوری کرنے سے قاصر ہیں۔ ایسے میں خوشی ہوتی ہے جب ہسپتالوں میں موجود سینئر پروفیسروں کے رابطوں سے اتنے فنڈز فراہم ہو جائیں کہ بہت قیمتی مشینری اور نیا تعمیراتی انفرااسٹرکچر کھڑا ہو سکے۔ یہ سب کچھ لاہور جنرل ہسپتال میں ہوا ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبہ سے سرشار ڈاکٹرز نے اپنی مدد آپ کے تحت جلد کے شعبے یعنی ڈرماٹولوجی کا نیا بلاک بنوا کر تاریخ رقم کر دی ہے۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج و لاہور جنرل ہسپتال کے پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے ڈاکٹرز کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت تعمیر کیے گئے جدید ڈرماٹولوجی بلاک اور آڈیٹوریم کا باضابطہ افتتاح کیا تو ایل جی ایس کے ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ ڈرماٹولوجی پروفیسر عاطف شہزاد کے ساتھ، پروفیسر طاہر جمیل) جنہوں نے میو ہسپتال میں خود ڈاکٹروں کی مثالی تربیت کی تاریخ مرتب کی (، پروفیسر اعجاز حسین، پروفیسر زاہدہ رانی، پروفیسر انیلہ اصغر سمیت لاہور کے بڑے سرکاری ہسپتالوں سے تعلق رکھنے والے سینئر ترین پروفیسر و دیگر ماہرین امراض جلد بھی موجود تھے۔ اس افتتاحی تقریب میں جس میں ڈاکٹر وجیہہ سعید، ڈاکٹر سعدیہ صدیقی، ڈاکٹر ایمہ شاہین، ڈاکٹر ثمرین رفیع، ڈاکٹر شائقہ علی، ڈاکٹر احمد کاظمی، ڈاکٹر افشاں احمد، ڈاکٹر حنا منظور، ڈاکٹر فرحانہ ندیم، ڈاکٹر ثوبیہ علی، ڈاکٹر ندا ایلی، ڈاکٹر عروج، ڈاکٹر نبیلہ، ڈاکٹر ہما، ڈاکٹر عروج اشرف، ڈاکٹر عبدالعزیز، صائمہ فتح و نرسز کی ایک بڑی تعداد موجود تھی، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ ڈاکٹرز کی طرف سے اپنی مدد آپ کے تحت اس منصوبے کی تکمیل اس امر کا ثبوت ہے کہ اگر نیت خدمت کی ہو تو محدود وسائل میں بھی بڑے بڑے کام سرانجام دیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس منصوبے کی تکمیل میں ڈرما ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر عاطف شہزاد اور ان کی ٹیم کی انتھک کاوشوں کو خصوصی طور پر سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا کارنامہ آنے والے وقتوں میں مریضوں اور طبی شعبے کے لیے ایک قیمتی اثاثہ ثابت ہوگا کیونکہ جدید طبی سہولیات کی دستیابی سے جلد کے مریضوں کو بین الاقوامی معیار کا علاج ہسپتال کے اندر ہی فراہم کیا جا سکے گا اور اس بلاک کے قیام سے نہ صرف مریضوں کو عالمی معیار کی سٹیٹ آف دی آرٹ طبی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ جدید طبی آلات اور مشینری کی دستیابی سے نوجوان ڈاکٹرز کی پیشہ ورانہ مہارتوں میں اضافہ ہوگا اور ریسرچ کے نئے دروازے کھلیں گے۔ پرنسپل کی طرف سے پروفیسر عاطف شہزاد کی اپنی مدد آپ کے تحت اتنے بڑے پروجیکٹ کی تکمیل کے لئے کاوشوں کا اعتراف اس لئے بھی برمحل تھا کہ 2009 سے ایل جی ایس سے وابستگی کے بعد سے انہوں نے اپنے پیشہ ورانہ خلوص اور فرائض کی انجام دہی سے ادارے اور اپنے طلبا اور ٹیم کے لئے بہت کچھ حاصل کیا۔ پہلے گوجرانوالہ میڈیکل کالج، ہسپتال اور اب ایل جی ایس لاہور میں MCPS-FCPS-MD کی ڈگریوں کے لئے ان کے تربیت یافتہ ڈاکٹر خود مختلف ہسپتالوں میں سپر وائزر اور ایگزامینر ہیں اور بعض برطانیہ اور امریکہ سمیت مختلف ممالک میں ڈرما کی خدمات فراہم کررہے ہیں۔ ان کی کاوشوں سے اپنی مدد آپ کے اس بڑے پروجیکٹ کی تکمیل پر خود ان کا کہنا تھا کہ نئے ڈرماٹالوجی بلاک اور آڈیٹوریم میں تشخیصی اور جدید سہولیات کے لئے جدید ترین لیزر مشینیں نصب کی گئی ہیں۔

دعا کیجئے، دعا لیجئے، دعا دیجئے

ناصر نقوی

نظام قدرت میں حضرت انسان نقطہ آغاز سے آخری سانس تک محتاج دعا ہے لیکن مالک بحر و بر نے اسے اشرف المخلوقات کا درجہ دے کر دوسرے جانوروں پر برتری کیا دی، وہ اپنی اوقات بھول گیا، پہلے قدرت نے ان کا فیصلہ کیا، پھر والدین وسیلہ بنے، جب دنیا میں آتے ہی رونا دھونا اور چیخ و پکار مچائی تو ماں باپ اور عزیز و اقارب نے تسلی دی کہ ہم ہیں۔۔۔ اب تو گھبرا نہیں، اللہ نے اگر تمہیں ہمارے سپرد بطور تحفہ کیا ہے تو ہم تیری فکر بھی کریں گے اور نان نفقہ کے ساتھ تربیت کی ذمہ داری بھی انجام دیں گے۔ لیکن دلچسپ حادثہ یہ ہے کہ جیسے جیسے دن گزرتے ہیں تو مولود کی آنکھیں دنیا دیکھتی ہیں، خوراک اور حالات کا راسے پروان چڑھاتے ہیں تو وہ اکثر اوقات دنیاوی چکا چوند اور آسائشوں میں بہک کر تمام تر وسائل حق اور مسائل والدین کے دیے ہوئے سمجھنے لگتا ہے کیونکہ عقل ناقص اسے یہی بتاتی ہے کہ تمہارے بڑے پرانی سوچ کے مالک ہیں اور تمہیں قدرت نے جو کچھ عطا کیا وہ تمہاری قسمت سے ہے ماں باپ تو صرف تمہارے رکھوالے ہیں حالانکہ حقیقت میں ان کی جتنی بھی سوجھ بوجھ ہے وہ پہلی درسگاہ ماں کی گود، سے ملی، دنیاوی تعلیم تک والد، چچا، ماموں یا کسی اور رشتہ دار نے انگلی تھام کر پہنچایا، پھر بھی دنیا اتنی رنگین اور رنگ باز ہے کہ اسے سب کچھ بھلا دیتی ہے اور آدم زادہ ہی نہیں، آدم زادی بھی یہی سمجھتی ہے کہ جو میں ہوں وہ کوئی دوسرا نہیں، اس سوچ کو آپ ایک غریب کے گھر سے لے کر بادشاہ کے محل تک کسی بھی حوالے سے پرکھ سکتے ہیں، یہی نہیں۔۔۔ جمہوریت کے حامی ہیں تو ایک ووٹر سے ممبر پارلیمنٹ اور اس سے بھی آگے صدر وزیراعظم تک بھی دیکھ سکتے ہیں اکثریت ایک قدم آگے ہی ملے گی، بڑوں، ذمہ داروں اور صاحب اقتدار سے گلے شکوے کے سوا کچھ نہیں ملے گا لیکن تضادات سے بھرپور معاشرے میں چند ایسے بھی ملیں گے جو راضی برضا، اطاعت گزار، ماں باپ کے فرمانبردار اور اپنے سے زیادہ دوسروں کے لیے مثبت خیالات رکھتے ہیں۔ اگر اس سوچ کو عالمی سطح پر آزمانے کی کوشش کریں گے تو لمحہ موجود، میں امن، سلامتی، ترقی و خوشحالی کے ٹھیکیدار ہی دوسروں کو درس و نصیحت کرتے ہوئے خود ان تمام خواہشات کو روندتے نظر آئیں گے کیونکہ ان کے تمام فرمودات دوسروں کے لیے ہیں، وہ تو ان معاملات سے بالاتر ہوتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بلند و بالا سمجھتے ہیں، مالک حقیقی نے نسخہ کیمیا قرآن مجید اور دین حق اسلام میں اپنے محبوب کے صدقے میں ہر کلمہ گو کو سمجھا دیا کہ کسی کو کسی پر فوقیت ہرگز نہیں، اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو، خلق خدا سے پیار کرو، لیکن اس نے ضابطہ حیات میں یہ بھی بتا دیا کہ زمانے کی قسم انسان گھاٹے میں ہے۔۔۔ جو لوگ صبر کے ساتھ حق کا ساتھ دیں گے انہیں فلاح ملے گی، اچھائی کا ساتھ دو اور برائی ظلم و جبر کی مخالفت کرو۔۔۔ یہی نہیں، اس نے کلمہ گو امت محمدی کو یہود و نصاریٰ، سے دور رہنے کا بھی حکم دیا لیکن حضرت انسان مال و زر کی غلامی میں طاقتوروں سے تعلقات استوار کرنے میں بھول گئے کہ یہود و نصاریٰ، کبھی ہمارے مددگار ثابت نہیں ہو سکتے اگر تاریخ اور دنیا کے حالات کا تجزیہ کریں تو روز اول سے وہ اپنے آپ کو سب سے اعلیٰ و ارفع سمجھتے ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ہم اللہ کے خاص بندے ہیں، پہلی آسمانی کتاب ہمارا نصیب بنی، ہم ہی منفرد اور عقل کل ہیں، اس دعوے اور رد عمل پر ہی ہٹلر نے سب یہودی مار دیے تھے لیکن ایک جہاز بھر کر اس نے انہیں دیس نکالا اس لیے دیا تھا کہ دنیا جان جائے، یہ لوگ کس سوچ کے مالک اور انسانیت کے کتنے بڑے دشمن ہیں۔ اب یہ راز فاش ہو چکا ہے لیکن مشرق وسطیٰ کے اسلامی ممالک ایسے پھنسے کہ یہود و نصاریٰ، کی سہولت کاری میں سکیورٹی کے نام پر اربوں، کھربوں خرچ کرنے کے باوجود اپنے برادر ملک کے ہاتھوں اس قدر نقصان کر بیٹھے کہ اسے برسوں بھگتنا پڑے گا بلکہ اگر مسلم امہ نے کوئی جامع اور بڑا فیصلہ نہ کیا تو پھر یہود و نصاریٰ، کے ہاتھوں مستقبل میں بھی بلیک میل ہی ہوتے رہیں گے۔

دشمن اس قدر مکار ہے کہ اس نے مذاکرات کی آڑ میں اچانک قوم یہود کے اہم ترین دن ہفتہ، کو ایران کو جنگ کی لپیٹ میں اس لیے لے لیا کہ وہ غزہ اور فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت و بربریت کے خلاف توانا آواز کیوں بنا؟ اس نے مسلمانوں اور مسلم دنیا کے بابرکت مہینے رمضان المبارک کا احترام بھی نہیں کیا، حالات اس بات کی چغلی کھا رہے ہیں جیسے یہود و نصاریٰ کی سازش یہی تھی کہ اللہ کے خاص ماہ مقدس میں مسلم دنیا کو ایک دوسرے سے لڑا دے، تباہی بربادی، فساد، مار و ماری، ساری جنگ مسلم سرزمین پر کھیلی گئی یقیناً وہ جانتے تھے کہ ایران رہبر معظم کی شہادت کے بعد پاؤں پر کھڑا نہیں ہو سکے گا اور ان کا بڑا ٹارگٹ رجیم چینج،، مکمل ہو جائے گا لیکن ایرانی قوم نے اپنی جنگجوئی کی تاریخ دہرا کر ثابت کر دیا کہ ایران بھی وینزویلا،، کی طرح تر نوالہ ثابت نہیں ہوگا، نہ ہی یہاں صدام حسین اور کرنل قذافی کا آمرانہ نظام ہے، ایران لوہے کا چنا ہے جو حملہ آوروں کی گردن میں پھنسے گا۔ نہ نگلا جائے گا اور نہ ہی اگلا جا سکے گا، یہ ماہ برکت و رحمت ہے اس کے دو عشرے رحمت و مغفرت گزر چکے، آخری عشرہ جہنم سے نجات کا ہے۔ دو عشروں میں جو کچھ نہیں کر پائے، اب وقت ہے کہ گڑگڑا کر، دعا کیجئے کہ مسلم امہ میں اتفاق و اتحاد پیدا ہو، دعا دیجئے کہ ہم سب حق کے ساتھ کھڑے ہو کر شرار اور یہود و نصاریٰ کی سازشوں کو ناکام بنا سکیں، مالک کائنات سے گڑگڑا کر صدق دل سے دعا مانگیں کہ وہ ہماری غلطیاں، کوتاہیاں معاف کر کے دین حق اسلام کے دشمنوں کو جہنم واصل کرے، دنیا میں امن و سلامتی، ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں پیدا کرے، امت محمدی کا بول بالا ہو، مسلم ممالک کو صبر و استقامت سے خدشات و تحفظات اور ابہام ختم کرنے کی ہمت دے۔ ایک دوسرے سے مثبت رابطے، بات سننے اور سنانے سے یقیناً مسائل کا حل مل جائے گا یہی رویہ اپنے گھر اور خاندان، عزیز و اقارب سے رکھنے کی اللہ ہم سب کو توفیق دے، کہتے ہیں کہ مثبت رویہ رکھو، اپنے غم دوسروں سے چھپا کر مسکراہٹوں کا تبادلہ کرو، اپنی خوشیوں میں غریب، نادار، یتیموں، مسکینوں اور مستحق لوگوں کو بھی یاد رکھو، دنیا کا حقیقی مالک سب کچھ دیکھ رہا ہے کیمرے کی آنکھ سے ڈرنے اور خوفزدہ ہونے کی بجائے اس سے ڈرو، اس سے مانگو جس سے سب مانگتے ہیں، ماہ مقدس رمضان کی رخصتی سے پہلے پہلے سجدہ ریز ہو کر جو مانگ سکتے ہو مانگ لو بلکہ ایک نسخہ یہ بھی ہے کہ تم دوسروں کے لیے مانگو، وہ رحمان و رحیم ہے سب کچھ جانتا ہے، سب کچھ تمہیں خود ہی عطا کر دے گا، آزمائش شرط ہے۔۔۔ دعا ہے کہ اللہ پاک امت مسلمہ اور ریاست پاکستان کو اپنی امان میں رکھے، دشمن کو نیست و نابود فرمائے، یاد رکھیں۔۔۔ جو چراغ صرف اپنے لیے جلتا ہے وہ آگ کے سوا کچھ نہیں ہوتا لیکن جو چراغ دوسروں کے لیے جلتا ہے وہ روشنی ہے، نور ہے بلکہ شعور کا ظہور ہے دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کریں، اللہ آپ کو ہر مشکل سے نکال دے گا۔۔۔ دعا کیجئے، دعا دیجئے، دعا لیجئے۔۔۔ یہی کامیابی اور سلامتی کا اصل فارمولا ہے۔

شہر قائد

شہری روزہ افطار کررہے ہیں

کے ڈی اے اسکیم 36 گلستانِ جوہر بلاک 1 میں غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ تیز

متعلقہ اداروں کی جانب سے کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی

کراچی (پ۔ر) کے ڈی اے اسکیم 36 گلستانِ جوہر بلاک 1 میں غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ تیزی سے بڑھتا جا رہا ہے، جس کے باعث علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے مکینوں نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) اور متعلقہ اداروں سے فوری نوٹس لے کر کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا تھا اور علاقہ مکینوں نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (SBCA) کو ایک اور درخواست جمع کراتے ہوئے پلاٹ نمبر C-202، بلاک 1، گلستانِ جوہر اسکیم 36 پر جاری غیر قانونی تعمیرات کے خلاف شدید احتجاج ریکارڈ کرایا تھا مگر تاحال اس غیر قانونی تعمیرات کو نہیں روکا جا سکا ہے مکینوں کے مطابق مذکورہ پلاٹ پر جاری غیر قانونی تعمیرات کے باعث اطراف کے گھروں کی دیواروں کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے جبکہ ملحقہ مکانات بھی اس صورتحال سے متاثر ہو سکتے ہیں رہائشیوں کا کہنا ہے کہ اس مسئلے کی نشاندہی اس سے قبل بھی 22 اگست 2024ء، 9 ستمبر 2024ء اور 8 مئی 2025ء کو کی جا چکی ہے، تاہم اب تک متعلقہ اداروں کی جانب سے کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ علاقہ مکینوں نے اس معاملے پر سندھ ہائی کورٹ میں آئینی پٹیشن نمبر D-3235/2025 بھی دائر کی، جس پر عدالتِ عالیہ نے 16 ستمبر 2025 کو اپنے حکم میں شکایت کو SCRMS کے ذریعے درج کرنے اور سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کو فوری کارروائی کی ہدایت جاری کی تھی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ ایس بی سی اے کے انسپکٹر کی جانب سے تعمیرات کو غیر قانونی قرار دیے جانے کے باوجود متعلقہ اداروں کی عدم توجہی اور غفلت کے باعث غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ تاحال جاری ہے، جس کی وجہ سے علاقہ مکین شدید تشویش اور پریشانی کا شکار ہیں مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر غیر قانونی تعمیرات کو روکا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے علاقہ مکینوں نے مزید کہا کہ اگر اس مسئلے کا فوری حل نہ نکالا گیا تو وہ احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے ان کا کہنا تھا کہ غیر قانونی تعمیرات نہ صرف قانون کی [illegible]

اسلاموفوبیا عالمی امن اور انسانی حقوق کے لیے خطرہ ہے، ثروت اعجاز

مسلمانوں کے خلاف نفرت اور تعصب انسانیت کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے، بلال عباس قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلاموفوبیا کے عالمی دن کے موقع پر چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ نفرت انگیزی اور تعصب کے خلاف ٹھوس اقدامات کیے جائیں تاکہ ایک پرامن اور منصفانہ عالمی سماج تشکیل دیا جاسکے۔ پاکستان میں رہنے والے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کو برابری کے حقوق حاصل ہیں۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ اسلاموفوبیا آج کے دور میں عالمی امن، انسانی حقوق اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے ایک سنگین خطرہ بنتا جا رہا ہے۔ دنیا کے مختلف خطوں میں مسلمانوں کو امتیازی سلوک، نفرت انگیزی اور تعصب کا سامنا ہے جو انسانی مساوات اور انصاف کے اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو امن، محبت، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، مگر بدقسمتی سے بعض حلقے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منفی پروپیگنڈا کر کے نفرت کو ہوا دے رہے ہیں۔ بلال عباس قادری نے کہا کہ مسلمانوں کے خلاف نفرت اور تعصب انسانیت کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ اسلاموفوبیا کو فروغ دینا دراصل دنیا میں عدم برداشت اور تصادم کو بڑھانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پھیلائی جانے والی غلط فہمیوں اور نفرت انگیز مہمات کا سدباب کرے اور بین المذاہب احترام کو فروغ دینے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ بلال سلیم قادری نے کہا کہ اسلاموفوبیا انسانی حقوق اور سماجی ہم آہنگی کو کمزور کرتا ہے۔ اگر دنیا میں پائیدار امن اور انصاف کا قیام مقصود ہے تو ہر مذہب اور ہر قوم کے ماننے والوں کے ساتھ مساوی سلوک کو یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کسی بھی قسم کی نفرت، تعصب اور ظلم کی اجازت نہیں دیتا۔

درآمدی توانائی پر انحصار کے بجائے مقامی وسائل کو فروغ دیا جائے، پاسبان

حکومت فوری اور دانشمندانہ فیصلے کرے تاکہ غریب عوام کو مزید مہنگائی سے بچایا جاسکے

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور بحران نے پاکستان کی عالمی توانائی منڈیوں پر ضرورت سے زیادہ انحصار کی کمزوری کو واضح کر دیا ہے۔ توانائی کے دیرپا تحفظ کے لیے حکومت کو فوری طور پر مقامی تیل اور گیس کے وسائل کی تلاش اور پیداوار بڑھانے پر توجہ دینی [illegible] کی قیمتوں [illegible] مہنگائی میں خطرناک حد تک اضافہ کردیا ہے اور عوام مزید قیمتوں کے بوجھ کو برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے۔ حکومت فوری اور دانشمندانہ فیصلے کرے تاکہ غریب عوام کو مزید مہنگائی سے بچایا جاسکے۔ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں شدید اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آرہا ہے۔ پاکستان جیسی معیشت، جو پہلے ہی مہنگائی اور ادائیگیوں کے توازن کے مسائل سے دوچار ہے، اس طرح کے عالمی جھٹکوں کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ پاکستان اپنی پیٹرولیم ضروریات کا بڑا حصہ درآمد کرتا ہے اور ہر سال اربوں ڈالر تیل کی درآمد پر خرچ کرتا ہے۔

شہریوں کو درپیش مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، سلیم خان

کراچی (پ۔ر) اہلسنت حنفی بریلوی مساجد کی انتظامی کمیٹیوں کے اکابرین اور میلاد شریف کا اہتمام کرنے والی نمائندہ تنظیمات و شخصیات پر مشتمل مرکزی میلاد الائنس پاکستان کے بانی و چیف آرگنائزر، مرکزی انجمن سیرت النبی گھیبار کے تاحیات چیئرمین اور ممتاز قومی سماجی رہنما محمد سلیم خان قادری ترابی نے کہا ہے کہ کراچی میں شہریوں کو درپیش مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔

کراچی رائس آرگنائزیشن کے سربراہ سعید تولی کی گورنر سندھ نہال ہاشمی کو مبارکباد

کراچی (پ۔ر) کراچی رائس آرگنائزیشن کے سربراہ سعید تولی نے گورنر سندھ نہال ہاشمی کو مبارکباد پیش کی ہے۔ توقع ظاہر کی کہ وہ سندھ بالخصوص کراچی کے لئے وفاق کو بہتر کردار ادا کرنے کے لئے فنڈز کی دستیابی ممکن بنائیں گے۔ اجڑے کراچی کو آباد اور ترقی کے سفر کو تیز تر کریں گے۔

جامع کلاتھ مارکیٹ میں شہری عیدالفطر کی تیاری کے لیے خریداری کررہے ہیں

سندھ بھر سے

میرپورخاص میونسپل کارپوریشن کی کتا مار مہم جاری

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن کی کتا مار مہم جاری، آوارہ کتوں کے خاتمے کے لیے روزانہ کارروائیاں کی جارہی ہیں تفصیلات کے مطابق شہریوں کو آوارہ اور پاگل کتوں سے محفوظ بنانے کے لیے میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کتا مار مہم تیزی سے جاری ہے اس سلسلے میں عملہ روزانہ کی بنیاد پر شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے آوارہ اور پاگل کتوں کو تلف کر رہا ہے اس ضمن میں میونسپل کارپوریشن نے تیمور کی قیادت میں ایک خصوصی ٹیم تشکیل دے رکھی ہے۔

نوشہروفیروز: لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن پر شالیمار ایکسپریس مال بردار ٹرین سے ٹکرا گئی

انجن اور دو بوگیاں تباہ، ضلع نوشہروفیروز کے لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن پر ایک افسوسناک ٹرین حادثہ پیش آیا

اپ ٹرین شالیمار ایکسپریس لوپ لائن پر کھڑی مال بردار ٹرین سے ٹکرا گئی

نوشہروفیروز (پاکستان بلیٹن) نوشہروفیروز: لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن پر شالیمار ایکسپریس مال بردار ٹرین سے ٹکرا گئی، انجن اور دو بوگیاں تباہ۔ حکام کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں تاکہ حادثے کی اصل وجوہات معلوم کی جاسکیں۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ امدادی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد ٹریک کو جلد بحال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ضلع نوشہروفیروز کے لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن پر ایک افسوسناک ٹرین حادثہ پیش آیا جہاں اپ ٹرین شالیمار ایکسپریس لوپ لائن پر کھڑی مال بردار ٹرین سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں مسافر ٹرین کا انجن اور اس کے ساتھ لگی دو بوگیاں بری طرح تباہ ہوگئیں۔ ریلوے ذرائع کے مطابق شالیمار ایکسپریس اسٹیشن میں داخل ہوتے ہوئے لوپ لائن پر پہلے سے کھڑی مال گاڑی کے عقب سے جا ٹکرائی، جس کے باعث زوردار دھماکے جیسی آواز سنائی دی اور ٹرین کے اگلے حصے کو شدید نقصان پہنچا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ، پولیس اور ریلوے حکام فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوگئے، جبکہ مقامی افراد نے بھی امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ ملبے میں پھنسے ممکنہ زخمیوں کو نکالنے کے لیے ریسکیو کا عمل جاری ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثے میں ٹرین کے انجن اور ملحقہ بوگی کو شدید نقصان پہنچا ہے جبکہ ریلوے ٹریک پر ٹریفک بھی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ حکام کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں تاکہ حادثے کی اصل وجوہات معلوم کی جاسکیں۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ امدادی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد ٹریک کو جلد بحال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

میرپورخاص: دعوت اسلامی کے شعبہ میڈیا ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام افطار اجتماع، صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

عبدالغنی خان ڈسپنسری میں ایک پروقار افطار ڈنر کا انعقاد

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) جماعت اسلامی ٹنڈوالہیار کے زیر اہتمام عبدالغنی خان ڈسپنسری میں ایک پروقار افطار ڈنر کا انعقاد کیا گیا جس میں شہر کے معززین، کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب مقیم جماعت اسلامی پاکستان محمد ممتاز حسین ستو نے کہا کہ جماعت اسلامی صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں اقامتِ دین کی ایک منظم اور نظریاتی تحریک ہے، انہوں نے کہا کہ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے جماعت اسلامی کی بنیاد ایسے مضبوط اصولوں پر رکھی کہ آج یہ تحریک ایک خاندان کی مانند بن چکی ہے، جس کے کارکنان اخلاص، دیانت اور قربانی کے جذبے کے ساتھ دین کی سربلندی کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا مقصد معاشرے میں اسلامی نظام حیات کا قیام، عدل و انصاف کا فروغ اور عوامی مسائل کا حل ہے اور کارکنان کو چاہیے کہ وہ اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ عام کریں، افطار ڈنر کی تقریب سے امیر جماعت اسلامی ضلع ٹنڈوالہیار آصف یاسین قائم خانی اور امیر جماعت اسلامی ٹنڈوالہیار راجا وید علی نے بھی خطاب کیا، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک میں اسلامی نظام کے قیام، عوامی حقوق کے تحفظ اور خدمتِ خلق کے لئے مسلسل جدوجہد کررہی ہے۔

لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن کے قریب پیش آنے والے ٹرین حادثے میں ایک گارڈ جاں بحق ہوگیا

نوشہروفیروز (پاکستان بلیٹن) لاکھاروڈ ریلوے اسٹیشن کے قریب پیش آنے والے ٹرین حادثے میں ایک گارڈ جاں بحق ہوگیا۔ ریلوے پولیس کے مطابق حادثے کے بعد ریسکیو کارروائی کے دوران ٹرین کے ملبے سے ایک شخص کی نعش نکال لی گئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت سکھر کے رہائشی ندیم شاہ کے نام سے ہوئی ہے، جو مال بردار ٹرین کی آخری بوگی میں موجود تھا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق شالیمار ایکسپریس نے لوپ لائن پر کھڑی مال بردار ٹرین کو پیچھے سے ٹکر ماری جس کے باعث حادثہ پیش آیا۔ حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں شروع کی گئیں۔

ٹنڈوالہیار: مہنگائی اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے عید کی رونقیں ماند

ٹنڈوالہیار (پاکستان بلیٹن) مہنگائی اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے عید کی رونقیں ماند ٹنڈوالہیار میں عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی بازاروں میں خریداری کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے، تاہم مہنگائی اور حالیہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں خصوصاً غریب طبقے کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے جس کے باعث عید کی خوشیاں بھی ماند پڑتی نظر آرہی ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ اور پیٹرول مہنگا ہونے کی وجہ سے گھریلو اخراجات پہلے ہی بڑھ چکے ہیں، جس کے باعث عید کی خریداری کرنا ان کے لئے مشکل ہوگیا ہے، بہت سے غریب شہری اس سال نئے کپڑے خریدنے کے بجائے پرانے کپڑوں میں ہی عید منانے پر مجبور ہیں، دوسری جانب بازاروں میں خریداروں کی تعداد میں کمی کے باعث دکاندار بھی پریشان دکھائی دیتے ہیں۔

عیدالفطر کے موقع پر سکیورٹی اور انتظامی انتظامات

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) کمشنر میرپورخاص ڈویژن جلال الدین مہر کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر سکیورٹی اور انتظامی انتظامات کے حوالے سے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں جاری کردہ مراسلے کے مطابق عیدالفطر کے موقع پر مساجد، عیدگاہوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر شہریوں کی بڑی تعداد جمع ہونے کا امکان ہے، اس لیے پرامن اور محفوظ ماحول کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی جامع انتظامات کرنا ضروری قرار دیا گیا ہے مراسلے میں ڈی آئی جی پولیس میرپورخاص رینج کو ہدایت کی گئی ہے کہ عید کی نماز کے اجتماعات، مارکیٹوں اور دیگر عوامی مقامات پر سکیورٹی کے لیے جامع منصوبہ تیار کیا جائے۔

ٹنڈوالہیار: جماعت اسلامی کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر سے مقررین خطاب کررہے ہیں

ایم پی سی ٹی نائٹ ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ سیزن 4 میں مزید میچوں کے فیصلے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) محکمہ کھیل وامور نوجوانان سندھ و میونسپل کارپوریشن کے تعاون اور میرپورخاص پریس کلب کے زیر اہتمام شہید محترمہ بینظیر بھٹو اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ایم پی سی ٹی نائٹ ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ سیزن 4 میں مزید میچوں کے فیصلے ہوگئے کھیلے جانے والے میچوں حیدری الیون نے پریس کلب کی ٹیم کو 68 رنز سے شکست دی۔

بقیہ نمبر 01

سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور اس کے پاکستان پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا اور ملک میں امن، استحکام اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے داخلی سلامتی کو مضبوط بنانے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں قومی یکجہتی، سیاسی ہم آہنگی اور جمہوری عمل کے تسلسل کی اہمیت پر بھی بات چیت کی گئی۔

بقیہ نمبر 02

23 ارب روپے کی سبسڈی 14 مارچ سے 20 مارچ تک کیلئے ادا کی جائے گی، پٹرول پر فی لیٹر 49 روپے 63 پیسے جبکہ ڈیزل پر فی لیٹر 75 روپے 5 پیسے سبسڈی ادا کی جائے گی۔ وزارت توانائی کا کہنا ہیکہ یہ رقم آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو پرائس ڈیفرنشل کلیمز کی مد میں ادا کی جائیگی، 23 ارب روپے کے پرائس ڈیفرنشل کلیمز اوگرا کی طرف سے ادا کیے جائیں گے۔ وزارت توانائی نے بتایا کہ کابینہ سے وزیراعظم کفایت شعاری فنڈ قائم کرنے کی منظوری حاصل کر لی، کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 27 ارب 10 کروڑ روپے اس فنڈ میں منتقل کرنے کی منظوری دی، پرائس ڈیفرنشل کی ادائیگی کے طریقہ کار میں او ایم سیز سے موصول ہونے والے بلوں کی تصدیق اور آڈٹ کا عمل بھی شامل ہوگا۔

بقیہ نمبر 03

بعد پی ٹی اے نے لائسنس جاری کرنے کی تیاریاں تیز کردیں، پی ٹی اے حکام فائیو جی لائسنس پہلے ہی تیار کر چکے ہیں، ٹیلی کام کمپنیاں عیدالفطر سے قبل فائیو جی سروس لانچ کر سکیں گی، پی ٹی اے کی کمپنیوں کو لائسنس کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کی ہدایت کردی۔ لائسنس سے پہلے کمپنیوں کو 15 ملین ڈالر کی بینک گارنٹی جمع کروانا ہوگی، ایک کمپنی نے بینک گارنٹی جمع کروادی، 2 کی جلد جمع ہونے کی توقع ہے، پی ٹی اے کی جانب سے تینوں کمپنیوں کو بیک وقت لائسنس دینے پر غور کیا جارہا ہے، تینوں ٹیلی کام کمپنیاں فائیو جی سروس کے فوری آغاز کیلئے تیار ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی اے بھی عیدالفطر سے پہلے فائیو جی لانچ کی راہ ہموار کرنا چاہتا ہے، فائیو جی لائسنس اجراء کیلئے پی ٹی اے ہیڈکوارٹر میں تقریب کا انعقاد زیرغور ہے۔

بقیہ نمبر 04

نیوز پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 05

ہوں اور اس پروگرام کو جاری رکھنے کے لیے جے ڈی سی، سیلانی اور بدر ایکسپو سے رابطہ کیا ہے۔ سابق گورنر سندھ نے کہا کہ یہ یقینی بنایا ہے کہ نئے گورنر پر آئی ٹی کورس جاری رکھنے کا مالی بوجھ نہ پڑے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ کراچی کے یہی طلبہ آئی ٹی امتحان پاس کریں گے تو ہزاروں ڈالر ماہانہ کمائیں گے۔

بقیہ نمبر 06

پروازوں کو فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے مطابق انسانی اور طبی امداد سے متعلق پروازوں کو اجازت دی جا سکتی ہے، زخمیوں کی منتقلی اور غیر جنگی پروازوں کو گزرنے کی اجازت ہے۔

بقیہ نمبر 07

میں افغانستان کی بدینی پوسٹ پر دہشتگردوں کا جمپ آف پوائنٹ تباہ کر دیا، پاکستان میں دہشتگردی کی حمایت کرنے والے ٹھکانوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں، کارروائیوں میں کسی شہری آبادی یا سویلین انفرا اسٹرکچر کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔

بقیہ نمبر 08

منڈی میں تیل 120 ڈالر فی بیرل ہوا تو اس وقت حکومت نے صارفین پر اضافی ٹیکس لگائے بغیر بندوبست کیا تھا اور اس فیصلے کو اس وقت اپوزیشن نے آئی ایم ایف مخالف قرار دیا تھا۔ صوبائی مشیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حکومت بھی تقریبا اسی صورتحال میں کھڑی ہے، حکومت نے 23 ارب روپے کا فرق پورا کیا گیا جو ڈیزل پر 75 اور پیٹرول پر 50 روپے فی لیٹر بنتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی دور میں پیٹرولیم لیوی اور سیلز ٹیکس صفر کر دیا گیا تھا، جبکہ اس وقت ایک ہفتے میں مٹی کے تیل کی قیمت میں 170 روپے فی لیٹر اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 09

برداشت نہیں کی جائیگی، ڈرونز، سیف سٹی کیمروں اور دوربینوں کی مدد سے پتنگ بازی میں ملوث افراد کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ آئی جی پنجاب نے تمام آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز کو حکم دیا ہے کہ وہ انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، آئی جی پنجاب نے والدین کو کہا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اس خونیں کھیل سے دور رکھیں، شہری کسی بھی مقام پر پتنگ بازی کی صورت میں ون فائیو پر اطلاع دیکر ذمہ داری کا ثبوت دیں۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر چھ ہزار سے زائد ملزمان گرفتار کیا گیا، ملزمان سے چار لاکھ سترہ ہزار ایک سو چوبیس پتنگیں، دس ہزار سات سو چونسٹھ ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔ صرف لاہور میں بائیس سو اٹھائیس ملزمان گرفتار کیے گئے، ملزمان کے قبضہ سے سولہ ہزار چھ سو چورانوے پتنگیں اور تین ہزار نو اسی ڈور چرخیاں برآمد ہوئیں۔

بقیہ نمبر 10

جہاں پولیس نے زخمی ملزم کی شناخت ابراہیم عرف راگھو ولد محمد جلال کے نام سے کی ہے۔ واقعے کے بعد پولیس نے ایک پستول، ایک موٹر سائیکل اور دو موبائل فون برآمد کیے، جو مبینہ طور پر چھینے گئے تھے۔ گرفتار شخص کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 11

کیلئے صدر مملکت سندھ کے مفادات کا سودا کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے وسائل پر سودے بازی کسی صورت قبول نہیں، صوبے کے عوام صوبے کے بٹوارے کی ہر سازش مسترد کرتے ہیں، عوام سندھ کے مفادات پر سمجھوتہ کرنے والوں سے حساب لیں گے۔ قبل ازیں، صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور رہنما ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی داخلی سلامتی کی صورتحال اور امن و امان سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 12

گا۔ پی اے اے شعبہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے 27 مارچ تک ٹینڈر کے لیے کمپنیوں سے درخواست طلب کرلی ہے۔ اس وقت پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی اور سول ایوی ایشن اتھارٹی دونوں محکموں کے ہیڈکوارٹرز کراچی میں ہیں۔ دونوں اداروں کی کراچی سے اسلام آباد منتقلی کے دوران 3 سال کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 13

ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ زخمی ملزم کی شناخت عامر زیب عرف شینا ولد گل زیب خان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزم کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا جبکہ اس کے زیر استعمال موٹر سائیکل کو بھی ضابطے کے تحت تحویل میں لے لیا گیا۔ زخمی ملزم کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جبکہ اس کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ کی جانچ کی جارہی ہے۔ دوسرا مبینہ پولیس مقابلہ لیاقت آباد کے علاقے تین ہٹی ندی کے قریب پیش آیا جہاں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق زخمی ہونے والے ڈاکوں کی شناخت حسنین اور حارث کے ناموں سے ہوئی ہے۔ تیسرا مقابلہ گلشن اقبال عزیز بھٹی پارک کے قریب ہوا جہاں مبینہ طور پر پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق دونوں زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 14

وسطی کے لیے مجموعی طور پر منسوخ ہونے والی پروازوں کی تعداد 1590 تک پہنچ گئی ہے، کراچی ایئرپورٹ سے دوحہ، کویت اور بحرین سمیت مشرق وسطی کے مختلف شہروں کے لیے 26 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ اسلام آباد ایئرپورٹ سے دوحہ، بحرین، کویت اور مسقط کی 18 پروازیں منسوخ ہوئیں، لاہور ایئرپورٹ سے کویت، دوحہ، بحرین اور ابوظہبی کے لیے آنے اور جانے والی 18 پروازیں منسوخ ہوئیں اس کے علاوہ پشاور ایئرپورٹ سے 14 جبکہ ملتان سے مشرق وسطی کے لیے 4 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق سیالکوٹ اور فیصل آباد ایئرپورٹس سے بین الاقوامی پروازوں کا آپریشن فی الحال معمول کے مطابق جاری ہے۔ پروازوں کی بڑے پیمانے پر منسوخی کے باعث ہزاروں مسافر ایئرپورٹس پر پھنس گئے ہیں اور ایئرلائنز کی جانب سے متبادل انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

سے متعلق جھوٹ پھیلایا گیا اب ان کی فیملی سے متعلق من گھڑت خبریں بنائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جتنا زور جھوٹ بولنے پر لگایا جا رہا ہے کاش اتنا عوام کی فلاح و بہبود کیلئے سوچا ہوتا تو شاید آج عوام آپ کے جھوٹ پر یقین کر لیتے۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے مزید کہنا تھا کہ آپ جھوٹ بولتے رہیں مریم نواز عوام کے فلاح و بہبود کیلئے نت نئے منصوبے لاتی جائیں گی اور لوگوں کے دلوں میں گھر کرتی رہیں گی، اب کوئی مظلومیت، معصومیت، سیاسی انتقام کارڈ نہیں، جھوٹے کا منہ کالا اب کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 16

فروغ دے رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان انڈسٹریل سیونگ مشینز امپورٹرز اینڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن (پسمیڈا) کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس موقع پر قونصل اتاشی لیو جننگ، چیئرمین پسمیڈا کاشف ضیاء، سینئر وائس چیئرمین محمود احمد، وائس چیئرمین محمد یاسین، انچارج انٹرنیشنل ٹریڈ افیئرز محمد عمیر، چیئرمین لاہور چیپٹر سید سفیر عباس شاہ، چیئرمین پائنیر بزنس گروپ علی حسام اصغر، وائس چیئرمین حارث عتیق، بورڈ ممبرز لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سید سلمان علی، محمد عامر، چیئرمین آزاد گروپ لاہور چیمبر آفس طارق صدیق سمیت دیگر نے بھی شرکت کی ۔ پسمیڈا کی جانب سے پاکستان کی ٹیکسٹائل، گارمنٹس، لیدر اور جوتا سازی کی صنعت کو جدید ٹیکنالوجی اور عالمی معیار کے مطابق ترقی دینے کے لیے چین کے ساتھ طویل المدتی صنعتی تعاون کا منصوبہ پیش کیا گیا جس میں کہا گیا کہ مذکورہ صنعتیں ملک کی سب سے بڑی برآمدی صنعتوں میں شمار ہوتی ہیں، عالمی منڈی میں مسابقت برقرار رکھنے کے لیے ان شعبوں کو جدید مشینری، آٹو میشن، مہارت کی تربیت اور جدت پر مبنی شراکت داری کی ضرورت ہے۔ چین دنیا میں صنعتی مشینری، خودکار پیداوار اور مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی میں نمایاں مقام رکھتا ہے، پاکستانی صنعتی اداروں اور چینی ٹیکنالوجی اداروں کے درمیان تعاون کا فروغ دونوں ممالک کے درمیان ایک مضبوط صنعتی نظام تشکیل دے سکتا ہے۔ پسمیڈا کے وائس چیئرمین محمد یاسین نے بتایا کہ منصوبے کا بنیادی مقصد چین سے پاکستان کی گارمنٹس، جوتا سازی، لیدر اور ٹیکسٹائل کی صنعتوں کے لئے جدید مشینری کا حصول خصوصاً خودکاری کے تحت پیداوار کی ٹیکنالوجی کا حصول ہے تاکہ ٹیکنالوجی کی منتقلی، ہنرمند افرادی قوت کی تیاری، اسٹارٹ اپس تعاون اور پائیدار صنعتی ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔ پسمیڈا کی جانب سے چین میں صنعتی نمائشوں اور مینوفیکچرنگ مراکز کے دوروں کے لیے باقاعدہ تجارتی وفود بھیجنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ گوانگ ژو میں منعقد ہونے والی" جیسا گوانگ ژو 2026" نمائش میں پاکستانی وفد کی شرکت اہم سرگرمی ہوگی ۔ جس کے ذریعے پاکستانی صنعتکاروں کو چینی مشینری ساز کمپنیوں کے ساتھ براہ راست رابطے، ڈسٹری بیوشن معاہدوں اور طویل المدتی سپلائی شراکت داری کے مواقع حاصل ہوں گے ۔ پسمیڈا کے وائس چیئرمین محمد یاسین نے کہا کہ چینی تکنیکی اداروں کے ساتھ مل کر پاکستان میں تکنیکی تربیتی پروگرام شروع کرنے کی تجویز بھی دی ہے ۔ پاکستان میں پاک چین انسٹی ٹیوٹ برائے مصنوعی ذہانت اور صنعتی خودکاری کے قیام کی تجویز دیتے ہوئے کہا گیا کہ اس ادارے کے ذریعے پاکستانی انجینئرز اور ٹیکنیشنز کو اے آئی پر مبنی مینوفیکچرنگ، اسمارٹ فیکٹریز، صنعتی روبوٹکس، ڈیجیٹل پروڈکشن مینجمنٹ اور صنعتی ڈیٹا اینالیٹکس کی تربیت دی جاسکے گی ۔ پس میڈا عہدیداروں کی جانب سے لاہور میں چینی قونصلیٹ آفس سے درخواست کی گئی کہ چینی صنعتی تنظیموں، تکنیکی اداروں اور حکومتی محکموں کے ساتھ روابط قائم کرنے میں تعاون فراہم کرے تاکہ اس صنعتی شراکت داری کے منصوبے کو عملی شکل دی جاسکے۔

بقیہ نمبر 17

50 فیصد نشستیں مخصوص ہیں۔ کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کے ذریعے یونیسکو سرٹیفکیشن کا اجرا ممکن ہوگا، کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کے تحت جدید ترین لرننگ مینجمنٹ سسٹم سے آگاہی کا موقع ملے گا جبکہ کلائمٹ لیڈر شپ انٹرنیز کو انوائرمنٹ پروٹیکشن اتھارٹی کے آفیسر اور ماحولیاتی پالیسی یونٹ پر کام کرنے کا تجربہ بھی حاصل ہو سکے گا۔ کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کے لئے آن لائن اپلائی کرنے کی سہولت بھی موجود ہے

بقیہ نمبر 18

میں قیادت کی۔

بقیہ نمبر 19

مداحوں کی جانب سے خوب سراہا جاتا ہے۔ حال ہی میں مزنا وقاص ایک کامیڈی شو میں شریک ہوئیں، پروگرام کے دوران انہوں نے اپنی اصل عمر کے بارے میں کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے کہا کہ میں نے اکثر خواتین کو دیکھا ہے جو اپنی عمر چھپانے کے لیے شناختی کارڈ دکھاتے وقت ہچکچاتی ہیں، جبکہ بعض لڑکیاں تو عمر کم ظاہر کرنے کے لیے دو شناختی کارڈ تک بنوا لیتی ہیں، لیکن میں اپنی عمر نہیں چھپاتی اور ہمیشہ سچ بتاتی ہوں۔ انہوں نے پروگرام کے میزبانوں سے اپنی عمر کا اندازہ لگانے کو کہا، لیکن جب ان کا اندازہ غلط نکلا تو مزنا وقاص نے بتایا کہ میری عمر 43 سال ہے، میں 1983 میں پیدا ہوئی تھی، خواتین کو اپنی عمر چھپانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم مزنا وقاص کے اس انکشاف کے بعد سوشل میڈیا پر صارفین کے درمیان بحث شروع ہوگئی، بعض صارفین نے دعوی کیا کہ اداکارہ 43 سال سے زیادہ عمر کی لگتی ہیں اور انہوں نے اپنی اصل عمر چھپائی ہے۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا کہ یقیناً کم از کم 45 یا اس سے زیادہ کی ہوں گی، ہر کوئی چند سال کم ہی بتاتا ہے، جبکہ ایک اور صارف نے لکھا کہ شاید ٹائپنگ کی غلطی ہے، مجھے لگتا ہے ان کی عمر 53 ہوگی، کچھ مداحوں نے یہ بھی کہا کہ اداکارہ 50 کے قریب لگتی ہیں۔

بقیہ نمبر 20

صورتحال کے باعث عالمی تجارت اور توانائی کی منڈیوں میں پیدا ہونے والی غیر یقینی کیفیت پاکستان کی معیشت اور صنعتی شعبے کے لیے نئے چیلنجز پیدا کر سکتی ہے، تاہم بروقت اور موثر حکمت عملی کے ذریعے ان حالات کو معاشی مواقع میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ ایک بیان میں شمعون ذکی کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر جاری تنازعات کے اثرات سب سے پہلے توانائی، شپنگ اور سپلائی چین کے نظام پر مرتب ہوتے ہیں، جس کے نتیجے میں پیداواری لاگت میں اضافہ اور تجارتی سرگرمیوں میں سست روی پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ ان کے مطابق خلیجی خطے میں کشیدگی کے باعث تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھا اور شپنگ اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے جس کا براہ راست اثر پاکستان جیسے درآمدی توانائی پر انحصار کرنے والے ممالک پر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی صنعتیں پہلے ہی توانائی کے بلند نرخوں، مالیاتی دباؤ اور خام مال کی بڑھتی ہوئی قیمتوں جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہیں۔ ایسے میں اگر خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے تو ٹیکسٹائل، اسٹیل، کیمیکل اور فوڈ پراسیسنگ سمیت متعدد صنعتی شعبوں کی پیداواری لاگت اور برآمدی مسابقت مزید متاثر ہوسکتی ہے۔ شمعون ذکی نے کہا کہ پاک افغان سرحدی صورتحال بھی علاقائی تجارت کے لیے ایک اہم عنصر ہے کیونکہ افغانستان نہ صرف پاکستان کی برآمدات کے لیے ایک اہم منڈی ہے بلکہ وسطی ایشیائی ریاستوں تک رسائی کے لیے بھی ایک اہم تجارتی راستہ تصور کیا جاتا ہے۔ ان کے مطابق سرحدی کشیدگی میں اضافہ نہ صرف دوطرفہ تجارت بلکہ ٹرانزٹ ٹریڈ اور علاقائی لاجسٹکس کے نظام کو بھی متاثر کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں اکثر ممالک اپنی تجارتی ترجیحات اور سپلائی چین کے نظام کو از سر نو ترتیب دیتے ہیں اور یہی وہ مرحلہ ہوتا ہے جب نئی منڈیاں اور تجارتی مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس صورتحال کا ادراک کرتے ہوئے اپنی برآمدات کے دائرہ کار کو وسیع کرے اور روایتی منڈیوں کے ساتھ ساتھ نئی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کی حکمت عملی اختیار کرے۔

بقیہ نمبر 21

کرتے ہوئے محمد زبیر نے کہا کہ حکومت کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام کی وجہ سے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے پر نرخ بڑھانا تھے لیکن سیاست بچانے کیلئے 40 سے 50 روپے تک قیمتیں نہیں بڑھائی گئیں۔ عمران خان نے بھی اپریل اور مئی میں تیل کی قیمتیں نہیں بڑھائی تھیں۔ عمران خان نے تیل کی قیمتیں برقرار رکھی تو کہا گیا کہ دیوالیہ کردیا ۔ کیا بنگلا دیش، سری لنکا اور انڈیا نے تیل کی قیمتیں بڑھائیں؟ بحرانی صورتحال میں حکومت کو تیل کی 55 روپے قیمت بڑھانے کی بجائے ریلیف دینا چاہئے تھا، حکومت کے پاس تیل کا اسٹاک جو پڑا ہے وہ 65 ڈالر فی بیرل کے حساب سے خریدا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 22

عدم فعالیت پر ایک بار پھر سوالات اٹھنے لگے ہیں، کیونکہ یہ عمارت گل پلازہ سے محض ایک کلومیٹر یا تقریبا تین منٹ کی مسافت پر واقع ہے۔ رپورٹس کے مطابق ماضی میں یہاں نصب گھنٹے کی آواز سنائی دیتے ہی فائر بریگیڈ کی گاڑیاں فوری طور پر آگ سے متاثرہ عمارتوں کی جانب روانہ ہو جایا کرتی تھیں۔ تاہم وقت گزرنے کے ساتھ یہ تاریخی عمارت غیر فعال ہوگئی اور حکومتی عدم توجہی کے باعث آج یہ ویران، خستہ حال اور تقریبا فراموش ہوچکی ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق جس رات گل پلازہ میں خوفناک آگ بھڑکی، شعلے عمارت کی ایک منزل کو لپیٹ میں لیتے گئے جبکہ دھواں عمارت میں موجود افراد کو گھیرتا گیا اور قیمتی جانیں ضائع ہوگئیں۔ ماہرین نے کہا کہ اگر اس قریبی فائر اسٹیشن پر مکمل عملہ اور سہولیات موجود ہوتیں تو فائر بریگیڈ صرف تین منٹ میں موقع پر پہنچ سکتی تھی اور ممکن ہے کہ آگ پر ابتدائی مرحلے میں قابو پالیا جاتا۔ تجربہ کاروں کے مطابق یہ سانحہ ایک مرتبہ پھر حکومتی ترجیحات اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گیا ہے، کیونکہ ایسے واقعات کے پیچھے اکثر بنیادی وجہ غفلت اور انتظامی کمزوری ہی ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 23

بارگاہیں، عید گاہیں اور دیگر کھلے مقامات کہ جہاں نماز عید کے اجتماعات پر بھی تھانوں کی سطح پر ناصرف فول پروف سیکورٹی اقدامات کو کنٹی جنسی پلان میں شامل کیا جائے بلکہ *تمام پبلک مقامات بشمول شاپنگ سینٹرز، عید بچت بازاروں، ریلوے اسٹیشنوں، بس ٹرمینلز *وغیرہ پر بھی غیر معمولی سکیورٹی اقدامات عید کنٹی جینسی پلان کے تحت یقینی بنائیں جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مرتب کردہ کنٹی جنسی پلان کے تحت تمام ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز خصوصی احکامات کے پیش نظر موبائل گشت، موٹر سائیکل گشت کے ساتھ ساتھ اس امر کو بھی یقینی بنائیں گے کہ پیٹرولنگ روٹس میں نماز عید کے اجتماعات /مساجد /امام بارگاہوں *کو موثر طور پر کور کیا گیا ہے۔ ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ تھانوں کی سطح پر سرویلنس ٹیموں کی تشکیل اور انکی شاپنگ سینٹرز، پر ہجوم پبلک مقامات، کار موٹر سائیکل پارکنگ لاٹس اور نماز عید کے کھلے مقامات کے اندرونی اور اطراف کے حصوں میں تعیناتیوں کو مرتب کردہ منصوبے کا حصہ بنایا جائے ۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ تیار کیئے جانیوالے عیدالفطر سکیورٹی پلان میں تمام ضلعی ایس ایس پیز اپنے اپنے علاقوں میں معززین علاقہ و معروف سیاسی و مذہبی شخصیات کے تعاون سے قابل اعتراض یا دل آزار وال چاکنگ، پوسٹرز، پمفلٹس ولٹریچرز کی تقسیم کی روک تھام کو ناصرف یقینی بنائیں گے بلکہ ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کاروئی کے لیئے بھی تمام ضروری اقدامات کو ممکن بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں قیام امن اقدامات کی موثر طور پر مانیٹرنگ کے لیئے پولیس رینج کی سطح پر مرکزی کنٹرول رومز کے قیام کو سیکیورٹی پلان کا حصہ بنایا جائے جو پولیس کے دیگر وائرلیس کنٹرول رومز سے مسلسل رابطے میں رہتے ہس وئے عیدالفطر کے تینوں دنوں میں سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال کا ریکارڈ ترتیب دینگے *اور وقتا فوقتا جاری ضروری احکامات کے تحت سیکیورٹی کو مذید سخت اور غیر معمولی بنائیں گے..

بقیہ نمبر 24

ہلال کمیٹیوں کے اجلاس اپنے اپنے مقررہ مقامات پر ہوں گے جہاں سے چاند نظر آنے کی شہادتیں موصول کی جائیں گی۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کے مطابق شوال کا چاند نظر آنے کا اعلان موصول ہونے والی مستند شہادتوں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں محکمہ موسمیات اور سپارکو سے بھی تکنیکی معاونت حاصل کی جائے گی۔ حتمی اعلان کے مطابق عیدالفطر کی تاریخ کا باضابطہ اعلان مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین کی جانب سے کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25

ہے۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن کے موقع پر ہم دنیا بھر کے مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور مسلمانوں کے خلاف تعصب، امتیازی سلوک، دشمنی اور تشدد کے خاتمے کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن کے موقع پر دفتر خارجہ سے جاری اپنے پیغام میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اسلامی تعاون تنظیم)او آئی سی(کے ساتھ قریبی تعاون کے ذریعے پاکستان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اس تاریخی فیصلے میں اہم کردار ادا کیا جس کے تحت 15 مارچ کو اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

کے تسلسل کی اہمیت پر بھی بات چیت کی گئی۔ ذرائع پی پی پی نے بتایا کہ ملاقات میں سیاسی صورت حال، ترقیاتی منصوبوں، پی پی پی اور ایم کیو ایم کے درمیان سیاسی تعلقات، گورنر سندھ کی تبدیلی اور دیگر امور پر غور کیا گیا اور تمام امور بات چیت سے طے کرنے پر اتفاق ہوا۔ مزید بتایا گیا کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم پاکستان میں ورکنگ ریلیشن شپ جاری رکھنے اور مزید ملاقاتوں پر اتفاق کیا گیا اور صوبے میں عوامی مسائل کے حل کے لیے مزید رابطے جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 27

الفطر کی 2 سرکاری تعطیلات ہوں گی، جبکہ اتوار 22 مارچ کی پہلے ہی چھٹی ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 28

پر ایسے دہشت گرد منصوبوں کا مخالف ہے، ایران کی جنگ امریکی عوام کے ساتھ نہیں ہے۔ علی لاریجانی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا اور اس کے اتحادی ایک ممکنہ فالس فلیگ حملے کی سازش کر سکتے ہیں اور اس کا الزام ایران پر ڈال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران اس قسم کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور اس کی امریکا کے عوام کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں ہے۔ علی لاریجانی نے کہا کہ ایران اس وقت امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کر رہا ہے، اور دفاعی کارروائی میں مضبوط اور فیصلہ کن انداز میں جواب دے رہا ہے تاکہ ایران پر حملہ آوروں کو سزا دی جا سکے۔ خیال رہے کہ امریکی میڈیا نے اس سے قبل اپنی رپورٹ میں بتایا تھا کہ ایف بی آئی نے فروری کے اوائل میں یہ انٹیلی جنس شیئر کی تھی کہ اگر امریکا ایران پر حملہ کرے تو تہران ممکنہ طور پر کیلیفورنیا کے ساحل کے قریب کسی نامعلوم جہاز سے ڈرون حملہ کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 29

جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ شرمناک ریکارڈ کے ساتھ بھارت کو اس طرح کے بیانات کا کوئی حق نہیں، بھارت افغانستان سمیت خطے میں تخریبی کردار ادا کر رہا ہے، پاکستان اپنے شہریوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 30

اسرائیلی حملوں سے لبنان میں 826 افراد شہید ہوئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل میں 14 افراد ہلاک ہوئے جبکہ 15 روز میں ایرانی حملوں میں 11 امریکی فوجی مارے گئے، یو اے ای میں 6، سعودیہ عرب میں 2، عراق میں 26، کویت میں 6، عمان میں 3، بحرین میں 2 افراد جاں بحق ہوئے۔ اسرائیلی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ایران کے حملوں میں 24 گھنٹوں کے دوران 108 اسرائیلی زخمی ہوئے۔ اسرائیلی وزارت صحت نے کہا کہ 28 فروری کو ایران کے ساتھ جنگ کے آغاز سے اب تک 3,195 اسرائیلی زخمی ہوئے۔ کتائب حزب اللہ نے امریکی تنصیبات پر ڈرون حملے کیے ہیں اور حملوں کی ویڈیو بھی جاری کر دی ہے۔ ڈرون حملے میں بغداد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب امریکی وکٹری بیس کو نشانہ بنایا گیا۔ ایران کے پاسداران انقلاب نے اعلان کیا ہے کہ دہشت گرد نیتن یاہو کو جہنم واصل کرنے کا ارادہ باندھ لیا، اگر نیتن یاہو زندہ ہے تو اسے پوری طاقت کے ساتھ تلاش کر کے ہلاک کیا جائے گا۔ پاسداران انقلاب نے مزید کہا کہ سعودی عرب پر حملوں سے ایران کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران نے امریکا پر فالس فلیگ آپریشن کے لیے شاہد ڈرونز کی کاپی استعمال کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اصفہان شہر میں متعدد مقامات پر دھماکے ہوئے، اصفہان شہر میں متعدد مقامات سے دھوئیں کے بادل بلند ہوتے دیکھے گئے۔ اصفہان شہر پر امریکی و اسرائیلی حملے میں 15 افراد شہید ہوئے۔ سوئٹزرلینڈ نے امریکی فوجی پروازوں کو فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دینے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ غیر جانبداری کے قانون کے تحت جنگ سے متعلق فوجی پروازوں کی اجازت نہیں۔ سوئس حکام نے یہ بھی کہا کہ امریکا کی 3 دیگر پروازوں کو فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ ایران نے بھارت کے 2 بحری جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دے دی۔ اس سے پہلے ایران ترکیہ کے ایک بحری جہاز کو بھی آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دے چکا ہے۔ ترکیہ کو اجازت ملنے کے بعد فرانس اور اٹلی نے اپنے جہازوں کو نکالنے کے لیے ایران سے براہ راست رابطے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 31

یہاں کا آڈٹ کرواؤں گا، کتنے پیسے اور کہاں خرچ کروں گا، آپ بھی نظر رکھیے گا، میں کوئی غلط کام کروں تو مجھ پر تنقید کیجیے گا۔ نہال ہاشمی نے گورنر ہاؤس پر بات کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس مقام کو دیکھیں کہ یہاں کا کیا حال کیا گیا ہے، کرسیوں کی حالت دیکھیں، بینرز اکھاڑ دیجئے، یہ سب دوبارہ آباد ہوگا، کل سے مستحقین سحری اور افطار یہاں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا ویڈیو بنا کر فنکار نہیں بنائیں، میں سیاسی کارکن ہوں، میں عوامی گورنر نہیں آئینی گورنر ہوں، آئین کے تحت صدر مملکت نے نوٹیفکیشن جاری کیا۔

بقیہ نمبر 32

کے خلاف نفرت اور تعصب کے خاتمے کی ضرورت ہے، عالمی برادری نفرت انگیز جرائم کے خلاف قانونی تحفظ مضبوط بنائے، اظہار رائے کی آزادی نفرت پھیلانے کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ صدر زرداری نے کہا کہ مذہبی تنوع کے احترام اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا ضروری ہے، کرائسٹ چرچ سانحہ انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑنے والا واقعہ تھا۔ پاکستان اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی فورمز پر مسلسل آواز اٹھاتا رہا ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی، معاشروں کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مسلمانوں کے خلاف تعصب بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے تحفظ کو متاثر کرتا ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مساوی حقوق اور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ نیشنل کمیشن فار مائنارٹیز رائٹس ایکٹ 2025 نافذ کیا جا چکا ہے، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آزاد نیشنل کمیشن قائم کیا جا رہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عالمی برادری تعصب کے خاتمے اور مکالمے کے فروغ کے لیے مل کر کام کرے، مذہبی عقائد کا احترام اور مساوی قانونی تحفظ عالمی ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 33

کے گھر سے قیمتی سامان اور زیورات لوٹے تھے۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے ملنے والی سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمہ کی شناخت کی اور فوری کارروائی کرتے ہوئے اسے حراست میں لے لیا۔ کارروائی کے دوران پولیس نے ملزمہ کے قبضے سے لوٹا گیا ایک کروڑ روپے مالیت کا سونا اور دیگر قیمتی سامان بھی برآمد کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمہ کے مفرور ساتھیوں کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں اور جلد ہی انہیں بھی قانون کی گرفت میں لے لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 34

کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن جاری ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاچی، کوہاٹ میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر پولیس اور سی ٹی ڈی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے خیبر پختونخوا پولیس اور سی ٹی ڈی کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے 6 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر پولیس اور سی ٹی ڈی کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتا ہوں، خیبر پختونخوا پولیس اور سی ٹی ڈی کے دلیر جوانوں پر فخر ہے، خیبر پختونخوا میں قیام امن کیلئے پولیس اور سی ٹی ڈی کی کارروائیاں قابل تعریف ہیں۔

بقیہ نمبر 35

سے بچے ڈوب گئے تاہم مقامی افراد نے دو بچوں کو بچالیا جبکہ ایک بچہ اور تین بچیاں ڈوب کر جاں بحق ہوگئیں جن کی لاشیں نکال لی گئیں ہیں ڈوبنے والے بچے آپس میں رشتہ دار بتائے جاتے ہیں اور ان کی عمریں 5 سے 8 سال بتائی جاتی ہیں جاں بحق بچوں کی شناخت اعجاز، ساجدہ، کشمیراں اور قربان علی کے نام سے ہوا ھے جبکہ دو بچوں عذرا اور پرویزاں کو بچالیا گیا ھے بچوں کی لاشیں گاں پہنچنے سے کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشکبار ہوگئی ھے۔ دریں اثناء وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ کا ٹھٹھہ دریائے سندھ میں 4 بچوں کے ڈوب کر جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار۔ ان کا کہنا تھا کہ واقعہ انتہائی افسوس ناک ہے، وزیر اعلی سندھ نے ڈی سی ٹھٹھہ کو ہدایت کی کہ واقعہ کی تفصیلی رپورٹ مجھے پیش کی جائے، وزیر اعلی سندھ کا لواحقین سے ہمدردی کا اظہار۔

بقیہ نمبر 36

شدید مذمت کی گئی اور اسے خطے کے امن کے لیے خطرناک قرار دیا گیا۔ رہنماں کا کہنا تھا کہ اس طرح کی کارروائیاں مشرق وسطی میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتی ہیں۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اسلامی امہ کو باہمی اتحاد و اتفاق سے امریکی جارحیت کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ امت مسلمہ کو فلسطین اور بیت المقدس کے مسئلے پر متحد ہونا ہوگا۔ رہنماں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ مسلم ممالک کو مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے خطے میں امن اور استحکام کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 37

کہ پاکستان کے زرعی شعبے بشمول زرعی اجناس، گوشت، پولٹری، ڈیری اور سی فوڈ میں برآمد کی وسیع استعداد موجود ہے۔ وزیر اعظم نے اس حوالے سے کمیٹی تشکیل کرنے کی ہدایت کردی جو روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لے گی، وزیر اعظم نے برادر خلیجی ممالک میں تعینات سفیران و ٹریڈ افسران کو متحرک رہنے کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا جام کمال خان، رانا تنویر حسین، احد خان چیمہ، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی، اجلاس میں صوبائی چیف سیکریٹریز اور متعلقہ شعبے کی نجی ایسوسی ایشنز کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 38

عرب ممالک میں شہری اہداف پر حملوں کے پیچھے ممکنہ طور پر اسرائیل کا ہاتھ ہوسکتا ہے۔ قبل ازیں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکا کو طعنہ دیا ہے کہ وہ آبنائے ہرمز کی حفاظت کے لیے چین سے بھیک مانگنے پر مجبور ہو چکا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز امریکا اور اس کے اتحادیوں کے علاوہ سب کیلئے کھلی ہے، خطے میں امریکی سکیورٹی کی چھتری میں بہت سے سوراخ ہو چکے ہیں اور وہ مشکلات سے بچانے کے بجائے مشکلات کو دعوت دینے کا سبب بن رہی ہے۔ عباس عراقچی نے دعوی کیا ہے کہ امریکی افواج نے جمعہ کو ہمارے خارگ جزیرے پر حملے دبئی اور راس الخیمہ کے قریب سے ہیمرز میزائل سسٹم سے کیے تھے، ایران ان حملوں کا جواب دے گا لیکن اس بات کا خیال رکھے گا کہ شہری آبادی کو نقصان نہ پہنچے۔

بقیہ نمبر 39

کے تدارک پر قرارداد و دنیا بھر میں مسلمانوں کیخلاف امتیازی اور نفرت انگیز سلوک کی عالمی سطح پر حوصلہ شکنی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرتی عدم برداشت، بنیادی مذہبی آزادی اور باہمی اتحاد و رواداری جیسی اقدار کو کمزور کرنے کا باعث ہے، آج کا دن مسلمانوں کو مذہبی تعصب اور متشدد واقعات کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کا عالمی احساس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مہذب معاشرے عقائد کی بنیاد پر انسانی حقوق میں تفریق نہیں کرتے بلکہ باہمی احترام و ایثار پر قائم ہوتے ہیں، پاکستان اسلاموفوبیا پر مبنی تمام طرز عمل اس کی تمام صورتوں کی مذمت کرتا ہے، اسلامی تعلیمات کے عین مطابق اور بین الاقوامی قوانین کی نظر میں تمام انسان مساوی حقوق رکھتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ دین اسلام تمام نوع انسانی کیلئے امن و آشتی کا پیغام ہے، اسلام کو انتہا پسند خیالات سے منسوب کرنا صریحا لاعلمی ہے، پاکستان نے تمام بین الاقوامی فورمز پر ہمیشہ ذمہ دارانہ انداز میں اسلاموفوبیا کے خلاف آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی پاکستان اقوام عالم کے مابین مذہبی رواداری اور مسلمانوں کے احساس تحفظ کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 40

دودھ کی فی کلو قیمت میں 320 روپے کے اضافے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 41

ملک وقوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈاکٹر فہد شفیق، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم یوتھ پروگرام سندھ کی سربراہی میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کی سندھ کی کور ٹیم سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، ہنرمندی اور انہیں ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے قائد محمد میاں محمد نواز شریف کے وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے نوجوانوں کے لیے لیپ ٹاپ اسکیم سمیت مختلف اقدامات کا دائرہ کار مزید وسیع کیا ہے اور اس پروگرام کو ملک بھر تک پھیلایا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اپنے کردار، دیانت اور اخلاص کے ذریعے عوام کو یہ یقین دلانا ہوگا کہ موجودہ حکومت نوجوانوں کے روشن مستقبل اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ملاقات کے دوران وزیر اعظم یوتھ پروگرام سندھ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر فہد شفیق نے بتایا کہ پروگرام کے تحت نوجوانوں کی ترقی کے لیے چار اہم شعبوں (4Es) پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جن میں تعلیم، روزگار اور کاروباری مواقع، نوجوانوں کی سماجی و قومی سرگرمیوں میں شمولیت اور ماحولیاتی تحفظ شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹل یوتھ ہب کے ذریعے نوجوانوں کو وظائف، ملازمت کے مواقع، کاروبار کے آغاز میں رہنمائی، قیادت سازی کے پروگراموں اور کمیونٹی سرگرمیوں تک رسائی فراہم کی جا رہی ہے، تاکہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے میں مثبت اور مؤثر کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ نمبر 42

زیر انتظام کارپوریشنز اور بلدیاتی اداروں میں عام تعطیل ہوگی تاہم ضروری نوعیت کے خدمات کے حامل دفاتر پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 43

ٹرین 17 مارچ کو کوئٹہ سے راولپنڈی روانہ ہو گی۔ تیسری عید سپیشل ٹرین 17 مارچ کو کراچی سے پشاور کیلئے روانہ ہوگی۔ اس کے علاوہ چوتھی عید سپیشل ٹرین 18 مارچ کو کراچی سے لاہور کیلئے روانہ ہوگی۔

بقیہ نمبر 44

ہے کہ جھوٹی اور گمراہ کن خبریں پھیلانے والوں کے خلاف پنجاب ہتک عزت قانون 2024 کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ مریم اورنگزیب نے واضح کیا کہ اب ہر جھوٹی خبر اور پروپیگنڈے کا بھرپور جواب دیا جائے گا اور اداروں کو بدنام کرنے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جو عناصر من گھڑت خبروں کے ذریعے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، اب انہیں قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔ حکومتی ترجمان کے مطابق اس اقدام کا مقصد صحافتی اقدار کی پاسداری کو یقینی بنانا اور سوشل میڈیا سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر منظم پروپیگنڈے کا راستہ روکنا ہے۔

بقیہ نمبر 45

عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلی مریم نواز کا کہنا تھا کہ اسلاموفوبیا کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ ناروا اور امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے، اسلاموفوبیا ہی ہے کہ فلسطین اور کشمیر میں معصوم مسلمان ظلم و جبر کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام پر امن دین ہے اور مسلمان امن پر یقین رکھتے ہیں، اسلام ہی وہ دین ہے جس نے بنیادی انسانی حقوق کی ضمانت دی، اسلاموفوبیا کی روک تھام کے لئے اقدار کو مثبت انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم ممالک کو آپس کی نااتفاقی ختم کر کے اتحاد کی علامت بننا چاہیے، اسلامی اقدار پر عمل اور ہمارا انفرادی طرز عمل اسلاموفوبیا کو مات دینے میں بہت اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن پر ہمیں بردباری برداشت اور تحمل کا عہد کرنا ہے، عالمی سطح پر اسلاموفوبیا کے خاتمے کیلئے مزید کوششوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 46

خاتمے کیلئے مشترکہ عالمی کوششوں کی ضرورت ہے۔ اسلاموفوبیا کے خلاف عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ اسلاموفوبیا صرف مسلمانوں کے وقار اور حقوق پر نہیں بلکہ انسانی اقدار پر حملہ ہے، اسلاموفوبیا رواداری، بقائے باہمی اور مختلف اقوام و مذاہب کے درمیان باہمی احترام جیسے عالمی اقدار کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو بڑھتی ہوئی عدم برداشت کا مقابلہ کرنے اور مذہبی آزادیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدام کرنا ہوں گے، عالمی برادری کو مذاہب و ثقافتوں کے درمیان مکالمے کو فروغ دینے کیلئے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام کی تعلیمات امن، رحم دلی اور انصاف پر مبنی ہیں اور انہیں نفرت یا تعصب کے ذریعے مسخ نہیں کیا جاسکتا، دنیا ایسے معاشروں کے قیام کیلئے مل کر کام کریں جو احترام، ہم آہنگی اور مساوات کی بنیاد پر قائم ہوں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ایسے معاشروں کی تشکیل کیلئے کام کرنا ہوگا جہاں تمام مذاہب کے ماننے والے وقار اور تحفظ کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔

آپریشن غضب للحق افغان طالبان رجیم کے 684 کارندے ہلاک

پاک فوج نے 14 اور 15 مارچ کی شب دہشتگرد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، افغانستان کے صوبے قندھار میں دہشتگردوں کی ٹیکنیکل سپورٹ اور اسلحہ اسٹوریج تنصیبات تباہ کردی

وزیراطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے افغانستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کرنے والی افغان طالبان رجیم کے خلاف جاری آپریشن غضب للحق کی تازہ تفصیلات جاری کردیں

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ نے افغانستان میں دہشتگردوں کی پشت پناہی کرنے والی افغان طالبان رجیم کے خلاف جاری آپریشن غضب للحق کی تازہ تفصیلات جاری کر دیں۔وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ آپریشن غضب للحق کے تحت اب تک افغان طالبان رجیم کے 684 کارندے ہلاک اور 912 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔عطا اللہ تارڑ نے بتایا کہ افغان طالبان کی اب تک 252 پوسٹیں تباہ اور 44 پر قبضہ کیا گیا،ان کے 229 ٹینک اور مسلح گاڑیاں تباہ کر دی گئیں،افغانستان میں 73 مقامات پر فضائی کارروائیوں میں اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ پاک فوج نے 14 اور 15 مارچ کی شب دہشتگرد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، افغانستان کے صوبے قندھار میں دہشتگردوں کی ٹیکنیکل سپورٹ اور اسلحہ اسٹوریج تنصیبات تباہ کر دی، دہشتگردوں کے تکنیکی آلات رکھنے والی سرنگ بھی تباہ کردی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ چترال سیکٹر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

راولپنڈی کے بڑا بازار میں عیدالفطر کی خریداری میں سینڈلز خریدی جارہی ہے

سوئٹزرلینڈ کا امریکی فوجی پروازوں کو فضائی حدود کی اجازت دینے سے انکار

غیر جانبداری کے قانون کے تحت جنگ سے متعلق فوجی پروازوں کی اجازت نہیں

جنیوا(ویب ڈیسک)سوئٹزرلینڈ نے امریکا کی 2 فوجی پروازوں کو فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔سوئٹزرلینڈ نے امریکی فوجی پروازوں کو فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دینے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ غیر جانبداری کے قانون کے تحت جنگ سے متعلق فوجی پروازوں کی اجازت نہیں۔سوئس حکام نے یہ بھی کہا کہ امریکا کی 3 دیگر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

دو سال تک کلاس لینے والے ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر نہیں لگنے دوں گا، کامران ٹیسوری

کراچی(ویب ڈیسک)سابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ دو سال تک کلاس لینے والے ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر نہیں لگنے دوں گا۔انہوں نے کہا کہ طلبہ کا کورس مکمل ہونے تک آئی ٹی پروگرام ہر صورت جاری رکھنے کے لیے اقدامات کر رہا ہوں اور

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

شریف فیملی نے جنید صفدر کے ویانا جانے کو جھوٹ قرار دیدیا

جھوٹ اور فیک نیوز پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں

لاہور (ویب ڈیسک)شریف فیملی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیٹے جنید صفدر کے ویانا جانے کو جھوٹ قرار دے دیا۔ترجمان شریف فیملی کے مطابق جنید صفدر اپنی اہلیہ کے ہمراہ رائیونڈ میں اپنے گھر پر ہیں۔ترجمان نے کہا کہ جنید صفدر کے حوالے سے جھوٹ اور فیک

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

حیدرآباد میں موٹر سائیکل سوار نے بھاری کپڑے لے کر سفر کیا

سول ایوی ایشن اور پی اے اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد منتقل کرنیکا فیصلہ

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی اور سول ایوی ایشن اتھارٹی دونوں محکموں کے ہیڈکوارٹرز کراچی میں ہیں

کراچی(ویب ڈیسک)سول ایوی ایشن اور پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ہیڈکوارٹرز کو اسلام آباد منتقل کرنے کا معاملہ زیرغور ہے۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس تعمیر کرنے کے لیے کمپنیوں سے درخواست طلب کرلی گئی ہیں۔پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے ٹینڈر جاری کردیا ہے۔اسلام آباد میں ایوی ایشن کمپلیکس کی عمارت تعمیر کرنے کے بعد سول ایوی ایشن اتھارٹی اور پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی ہیڈکوارٹرز کو اس عمارت میں منتقل کیا جائے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

لاہور میں ڈیوس روڈ پر شدید بارش،مسافروں اپنی منزل کی جانب جارہے ہیں

مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 5 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے، پولیس حکام

کراچی(ویب ڈیسک)کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان تین علیحدہ علیحدہ مبینہ مقابلوں کے دوران 5 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور دیگر سامان بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق پہلا مقابلہ جمشید کوارٹرز تھانے کی حدود میں کشمیر روڈ کٹ کے قریب پیش آیا جہاں گشت پر موجود پولیس ٹیم کا مشتبہ ڈاکوؤں سے آمنا سامنا ہوگیا۔اس دوران دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

پاکستان ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا

لاہور(ویب ڈیسک)پاکستان ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔تفصیلات کے مطابق سرفراز احمد نے 54 ٹیسٹ، 117 ون ڈے انٹرنیشنل اور 61 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں مجموعی طور پر 6ہزار164 رنز بنائے۔سرفراز احمد نے پاکستان کی 100 انٹرنیشنل میچز

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر18

گورنر سندھ سے وزیر اعظم یوتھ پروگرام سندھ کی کور ٹیم کی ملاقات

کراچی(ویب ڈیسک) گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارے ملک کا مستقبل ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ انہیں تعلیم، ہنر اور ترقی کے جدید مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

کراچی میں دودھ کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

کراچی(ویب ڈیسک)کراچی میں دودھ کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ہے۔تفصیلات کے مطابق ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے قیمتوں میں اضافے کے بعد کمشنر کراچی نے دودھ کی سرکاری قیمت پر نظر ثانی کے لیے اجلاس طلب کرلیا۔اعلامیے کے مطابق اجلاس بدھ 18 مارچ کو کمشنر ہاؤس میں ہوگا۔اس سے قبل ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر شاکر گجر نے چند روز قبل

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب کا طیارے کے استعمال سے متعلق خبروں پر کارروائی کا فیصلہ

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب حکومت کے طیارے کے استعمال سے متعلق خبروں پر مریم اورنگزیب نے ردعمل دیتے ہوئے ہتک عزت قانون کے تحت کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔پنجاب حکومت نے سرکاری طیارے کے استعمال سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کو فیک نیوز قرار دیتے ہوئے اسے پھیلانے والوں کے خلاف عدالت جانے کا فیصلہ کیا ہے۔صوبائی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے اپنے بیان میں کہا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

رمضان المبارک کے دوران حیدرآباد میں جائے کی مانگ میں اضافہ

وزیر ریلوے حنیف عباسی کی ہدایت پر عید پر 4 اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ہدایت پر پاکستان ریلوے کا عید الفطر پر چار اسپیشل ٹرینیں چلانیکا فیصلہ کیا گیا ہے۔پہلی عید اسپیشل ٹرین 16 مارچ کو لاہور سے کراچی کیلیے روانہ ہوگی، دوسری عید اسپیشل

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

حکومت سندھ کا 23 مارچ کو عام تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

کراچی(ویب ڈیسک)حکومت سندھ نے 23 مارچ کو عام تعطیل کا اعلان کردیا اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔حکومت سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت یوم پاکستان کے سلسلے میں 23 مارچ 2026 کو صوبے بھر میں عام تعطیل ہوگی۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ صوبائی حکومت کے تمام دفاتر، اداروں، حکومت سندھ کے زیر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

پی ٹی آئی دور میں تیل 120 ڈالر پر گیا تو حکومت نے 24 روپے لیٹر ایڈجسٹمنٹ دی تھی، مشیر خزانہ کے پی

پشاور(ویب ڈیسک)مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے وفاقی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں عالمی سطح تیل 120 ڈالر پر گیا تو حکومت نے 24 روپے فی لیٹر ایڈجسٹمنٹ دی تھی۔اپنے ایک بیان میں مزمل اسلم نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں عالمی منڈی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

سندھ حکومت نفرت اور تعصب کی سیاست کو مسترد کرتی ہے

مراد علی شاہ

دہشت گردی یا انتہا پسندی کو کسی مذہب، قوم یا تہذیب سے جوڑنا ناانصافی ہے، اسلاموفوبیا عالمی امن اور انسانی حقوق کیلئے خطرہ ہے

سندھ رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی علامت ہے، نفرت کی سیاست کو مسترد کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وزیراعلیٰ سندھ سید مرادعلی شاہ نے اسلاموفوبیا کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مسلمانوں کے خلاف نفرت اور تعصب انسانیت کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے اور یہ عالمی امن وہم آہنگی کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ اسلاموفوبیا انسانی حقوق اور سماجی ہم آہنگی کو کمزور کرتا ہے،اس لیے عالمی برادری کو اس

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

کراچی سینٹرل میں مقابلے کے بعد مشتبہ ڈاکو گرفتار، ساتھی فرار

کراچی(ویب ڈیسک)انٹر بورڈ آفس کے قریب مرکزی سڑک پر بختیاری گراؤنڈ سے متصل اتوار کو پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک مشتبہ ڈاکو کو گرفتار کرلیا گیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہو گیا۔شاہراہ نور جہاں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

مٹی کا تیل فی لیٹر 39 روپے 20 پیسے مہنگا، نوٹیفکیشن جاری

مت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں برقرار رکھ کر 23 ارب روپے کی سبسڈی ادا کرے گی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)حکومت نے مٹی کا تیل 39 روپے 20 پیسے فی لیٹر مہنگا کردیا،مٹی کے تیل کی نئی قیمت 358 روپے ایک پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔وفاقی حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر پٹرولیم لیوی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔پیٹرول پر فی لیٹر لیوی 105 روپے 37 پیسے اور ڈیزل پر 55 روپے 24 پیسے فی لیٹر لیوی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ حکومت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں برقرار رکھ کر 23 ارب روپے کی سبسڈی ادا کرے گی،

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

عیدالفطر سے پہلے موبائل صارفین کو فائیو جی سروس ملنے کا امکان

اسلام آباد(ویب ڈیسک)عیدالفطر سے پہلے موبائل صارفین کو فائیو جی سروس ملنے کا امکان ہے، ٹیلی کام آپریٹرز کو آئندہ ہفتے فائیو جی لائسنس جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

سندھ کے وسائل پر سودے بازی کسی صورت قبول نہیں، جی ڈی اے

صوبے کے عوام صوبے کے بٹوارے کی ہر سازش مسترد کرتے ہیں، عوام سندھ کے مفادات پر سمجھوتہ کرنے والوں سے حساب لیں گے

آصف زرداری اور خالد مقبول کی ملاقات سندھ کے وسائل لوٹنے کا فارمولا طے کرنے کیلئے تھی، جے ڈی اے کا ملاقات پر ردعمل

کراچی(ویب ڈیسک)گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے)نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے رہنما متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم)خالد مقبول صدیقی کی ملاقات پر ردعمل کا اظہار کردیا۔ترجمان جی ڈی اے نے اپنے بیان میں کہا کہ آصف علی زرداری اور خالد مقبول صدیقی کی ملاقات سندھ کے وسائل لوٹنے کا فارمولا طے کرنے کیلئے تھی، اقتدار بچانے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

شوال کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس جمعرات کو ہوگا

لاہور(ویب ڈیسک)شوال کا چاند دیکھنے کے لئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس جمعرات کے روز اسلام آباد میں ہوگا جس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔دوسری جانب زونل رویت ہلال

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

کراچی: والدین کے گھر سے سونا لوٹنے والی بیٹی گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک)شہر قائد کے علاقے لانڈھی میں پولیس نے ایک حیران کن کارروائی کرتے ہوئے اپنے ہی والدین کے گھر میں ڈکیتی کرنے والی بیٹی کو چند گھنٹوں کے اندر گرفتار کرلیا ہے۔پولیس حکام کے مطابق ملزمہ نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ والدین

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

کشیدہ صورتحال، ملک سے 80 بین الاقوامی پروازیں منسوخ

کراچی (ویب ڈیسک)مشرق وسطی میں جاری کشیدگی اور فضائی حدود کے مسائل کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس سے اتوار کو مزید 80 بین الاقوامی پروازیں منسوخ کردی گئیں۔گزشتہ 16 دنوں کے دوران مشرق

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

چین پاکستان کا اہم اقتصادی شراکت دار ہے، لی ہاؤ ٹینگ

لاہور(ویب ڈیسک)چینی قونصل جنرل کے کمرشل وائس قونصلر لی ہاؤ ٹینگ نے کہا ہے کہ چین پاکستان کا اہم اقتصادی شراکت دار ہے خصوصاً تجارتی وصنعتی تعاون پاکستان کی برآمدات اور صنعتی ترقی کو وسیع پیمانے پر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

راولپنڈی کے موتی بازار میں عیدالفطر کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں

بغض مریم نواز میں کہاں تک گرو گے؟ جھوٹے کا منہ کالا کرنا ہوگا، عظمیٰ بخاری

اب کوئی مظلومیت، معصومیت، سیاسی انتقام کارڈ نہیں، جھوٹے کا منہ کالا اب کرنا ہوگا

لاہور(ویب ڈیسک)صوبائی وزیراطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بغض مریم نواز میں کہاں تک گرو گے؟ جھوٹے کا منہ کالا کرنا ہوگا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پہلے سی ایم مریم نواز کی بیرون ملک روانگی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

تنقید نہ ہوتی تو حکومت پھر تیل کی قیمت بڑھا دیتی، سابق گورنر سندھ

کراچی(ویب ڈیسک)سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں اگر تنقید نہ کرتیں تو حکومت پھر 50 روپے فی لیٹر تیل کی قیمت بڑھا دیتی،کیا بنگلادیش، سری لنکا اور انڈیا میں تیل کی قیمتیں بڑھائی گئیں؟۔خصوصی گفتگو

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

خطے میں عدم استحکام، پاکستانی صنعتوں اور تجارت کیلئے چیلنج، شمعون ذکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انڈونیشیا بزنس فورم کے صدر اور معروف صنعتکار شمعون ذکی نے کہا ہے کہ خطے میں بڑھتی ہوئی جغرافیائی وسیاسی کشیدگی، خصوصاً پاک افغان سرحدی جھڑپوں اور خلیجی خطے میں جاری جنگی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

وزیراعلیٰ پنجاب کلائمٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کا آغاز

ماحولیاتی بہتری کے مشن میں نوجوانوں کی شمولیت کا خیر مقدم کریں گے، ہر نوجوان پروگرام کے ذریعے ماحولیاتی بہتری میں بھرپور کردار ادا کرسکتا ہے

کلائمٹ لیڈرشپ انٹرنیز کو انوائرمنٹ پروٹیکشن اتھارٹی کے آفیسر اور ماحولیاتی پالیسی یونٹ پر کام کرنے کا تجربہ بھی حاصل ہوسکے گا

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلیٰ پنجاب کلائمٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کے تحت انٹرنیز کو ماہانہ 60ہزار روپے دیئے جائیں گے۔کلائمٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرنیز کو حکومت پنجاب کی طرف سے 3 ماہ کے بعد انٹرن شپ سرٹیفکیٹ بھی ملے گا،کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام میں طالبات کے لئے 50

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

آئی جی پنجاب کی پتنگ بازی اور پتنگ فروشی کیخلاف کارروائی کی ہدایت

شہری کسی بھی مقام پر پتنگ بازی کی صورت میں ون فائیو پر اطلاع دیکر ذمہ داری کا ثبوت دیں

لاہور(ویب ڈیسک)آئی جی پنجاب عبدالکریم نیصوبہ بھر میں پتنگ بازی اور پتنگ فروشی کیخلاف موثر کارروائی کی ہدایت کرتیہوئیکہا کہ انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں سخت ایکشن لیا جائے۔صوبہ بھرکیپولیس افسران کو ہدایت میں آئی جی پنجاب عبدالکریم کا کہنا تھا کہ کسی بھی جگہ پتنگ بازی برداشت نہیں، پتنگ بازی اور پتنگ فروشی میں ملوث افراد کو قانون کی گرفت میں لایا جائے، انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کسی صورت

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

پشاور میں گاڑیاں بارش کے دوران اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

عیدالفطر پر سیکورٹی پلان کو انتہائی ٹھوس ومربوط بنایا جائے، وزیر داخلہ سندھ

پیٹرولنگ روٹس میں نماز عید کے اجتماعات، مساجد، امام بارگاہوں کو موثر طور پر کور کیا گیا ہے، ضیاءالحسن لنجار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ امن و امان کی صورتحال اور اس حوالے سے سکیورٹی لائحہ عمل وحکمت عملی کو مدنظر رکھ کر پولیس رینج کی سطح پر عیدالفطر سال 2026 کا سکیورٹی پلان مرتب کرتے ہس وئے عمل درآمد کے مجموعی امور کو انتہائی ٹھوس ومربوط بنایا جائے۔وزیرداخلہ سندھ نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں، انٹیلی جنس ایجنسیوں سے مربوط روابط کے تحت •تمام مرکزی مساجد ،امام

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

پشاور میں رمضان المبارک کے دوران عیدالفطر کی تیاریوں کے لئے درزی کپڑے سینے میں مصروف

گل پلازہ واقعے کے بعد بہت سے سوالات نے جنم لے لیا

3 منٹ کے فاصلے پر فائر اسٹیشن ہونے کے باوجود آگ کیوں نہ بجھائی جاسکی، ماہرین

کراچی(ویب ڈیسک)صدر میں قائم گل پلازہ میں خوفناک آتشزدگی کے واقعے کے بعد بہت سے سوالات نے جنم لیا ہے،ماہرین نے کہا ہے کہ 3 منٹ کے فاصلے پر فائر اسٹیشن ہونے کے باوجود آگ کیوں نہ بجھائی جاسکی۔جی ہاں !! گل پلازہ کی عمارت سے صرف ایک کلومیٹر دور یعنی صرف 3 منٹ کی ڈرائیو پر ایک ایسی بلڈنگ بھی ہے جو شاید سب کچھ بدل سکتی تھی۔اس فائر اسٹیشن کو برطانوی حکومت نے 1937 میں بنایا تھا۔شہر قائد میں واقع اس تاریخی فائر اسٹیشن کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

میں 1983 میں پیدا ہوئی تھی، خواتین کو اپنی عمر چھپانے کی ضرورت نہیں ہوتی، اداکارہ مزنا وقاص

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی باصلاحیت اداکارہ مزنا وقاص کی جانب سے اپنی اصل عمر بتانے کے بعد سوشل میڈیا پر نئی بحث چھڑ گئی ہے۔مزنا وقاص کو مقبول پاکستانی ڈراموں میں شاندار اداکاری کے باعث خاصی شہرت حاصل ہے،اداکارہ شادی شدہ ہیں اور ایک بیٹے کی ماں بھی ہیں،جبکہ ان کی بے باک اور خوش مزاج شخصیت کو بھی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر19